Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 — منگل، 9 ستمبر 2025ء، 15 ربیع الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 160

پاکستان اور سعودی عرب کے مابین معاشی تعاون بڑھ رہا ہے، مریم نواز

سعودی عرب کا پاکستان کے سیلاب متاثرین کیلئے اظہار اخوت، امدادی سامان کے 5 ٹرک پہنچ گئے، وزیراعلیٰ مریم نواز اور سعودی سفیر سعید بن نواف المالکی نے امدادی سامان کے ٹرکوں کو پی ڈی ایم اے کے سپرد کیا

سامان قصور، جھنگ، ملتان، چنیوٹ، خانیوال، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور حافظ آباد کے سیلاب متاثرین کو پی ڈی ایم اے، کنگ سلمان ریلیف اور حیات فاؤنڈیشن کے اشتراک سے تقسیم ہوگا

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی کی ملاقات، سیلاب متاثرین کی امداد، اقتصادی تعاون اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے بنگلہ دیش کے مشیر برائے مذہبی امور ڈاکٹر خالد حسین ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) کنگ سلمان ایڈ اینڈ ریلیف سینٹر کی طرف سے پنجاب کے 7 اضلاع کے سیلاب متاثرین کے لئے امدادی سامان کے 5 ٹرک پہنچ گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور سعودی سفیر سعید بن نواف المالکی نے امدادی سامان کے پانچ ٹرک پی ڈی ایم اے کے سپرد کئے۔ کنگ سلمان ایڈ اینڈ ریلیف سینٹر کی طرف سے امدادی سامان 10,000 شیلٹر کٹس اور 10,000 فوڈ پیکجز (بقیہ نمبر 6)

نواز شریف، مریم نواز سے ایرانی سفیر کی ملاقات

پاک ایران تعلقات بلندیوں کے نئے افق تک لے جانے پر اتفاق

اسرائیل کیخلاف جنگ میں بھرپور حمایت پر پاکستان کے شکرگزار ہیں، ڈاکٹر رضا امیری مقدم

لاہور (این ای این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کے معاشی حالات میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہتری آرہی ہے۔ ذرائع کے مطابق ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے پاکستان مسلم (بقیہ نمبر 7)

حکومت کا پہلا کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر قائم کرنے کا فیصلہ

پائلٹ منصوبے کے تحت حکومتی سطح کا فیوژن سینٹر قائم ہوگا، فیوژن سینٹر میں شہریوں کو تمام سروسز فراہم کی جائیں گی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے اسلام آباد میں پہلا کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا، پائلٹ منصوبے کے تحت حکومتی سطح کا فیوژن سینٹر قائم ہوگا، فیوژن سینٹر میں شہریوں کو تمام سروسز فراہم کی جائیں گی۔ (بقیہ نمبر 10)

آپریشن دوارکا بحری تاریخ کا درخشندہ باب ہے، محسن نقوی

آج کے دن پاک بحریہ نے سمندری سرحدوں کا دفاع کرکے تاریخ رقم کی' یوم بحریہ پر جانبازوں کو سلام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ جنگ ستمبر میں ''آپریشن دوارکا'' بحری تاریخ کا درخشندہ باب ہے، آج کے دن پاک بحریہ نے سمندری سرحدوں کا دفاع کر کے تاریخ رقم کی۔ یوم بحریہ پر (بقیہ نمبر 9)

پاک بحریہ ملک کی محافظ، تابناک مستقبل کی معمار ہے، وزیراعظم

بحریہ کی تاریخ بہادری کی داستانوں سے بھرپور ہے، 1965ء کی جنگ میں آپریشن سومناتھ ایک یادگار حیثیت رکھتا ہے' یوم بحریہ پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاک بحریہ ملک کی محافظ اور ہمارے تابناک مستقبل کی معمار ہے۔ یوم بحریہ 8 ستمبر 2025ء کے موقع پر پیغام میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 8)

3 معروف امریکی فرمز کے اعلیٰ سطح وفد کا دورہ پاکستان، وزیراعظم، فیلڈ مارشل اور دیگر اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں

معدنیات کی تلاش، امریکی کمپنیوں سے معاہدہ

معاہدہ روزگار کے مواقع، ٹیکنالوجی کی منتقلی، پائیدار ترقی کا ضامن قرار، پاکستان سے اینٹیمونی، تانبا، سونا اور ٹنگسٹن برآمد کیا جائے گا جبکہ امریکی کمپنی پاکستان میں ایک جدید پولی میٹلک ریفائنری قائم کرے گی

این ایل سی اور ایک دوسری امریکی کمپنی کے درمیان لاجسٹکس اور تعمیرات کے شعبے میں ایم او یو پر دستخط، امریکی کمپنی پاکستان میں طویل المدتی شراکت داری کی خواہش مند ہے، وزیراعظم ہاؤس کا جاری اعلامیہ

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) پاکستان میں معدنیات تلاش کرنے کی کوششیں تیز، امریکی کمپنی کے پاکستان کیساتھ مفاہمت کی متعدد یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط کر دیئے۔ امریکی سفارتخانے کے مطابق یو ایس سٹریٹجک میٹلز نے معدنیات کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے، یادداشت پر دستخط کرنے کی تقریب وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہوئی، اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزرا بھی موجود تھے۔ یہ کمپنی کریٹیکل منرلز اور اہم معدنیات کے استعمال پر کام کرتی ہے، ان معدنیات کو امریکی محکمہ توانائی نے جدید مینوفیکچرنگ میں اہمیت کا حامل قرار دیا ہے، پاکستان میں معدنیات اور کان کنی کے شعبے میں مزید معاہدوں کیلئے (بقیہ نمبر 14)

کمانڈر متحدہ عرب امارات بحریہ کا ایئر ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

علاقائی سلامتی کے محرکات، مشترکہ تربیتی اقدامات اور دونوں ممالک کی افواج کے مابین تعاون کے لئے نئی راہیں استوار کرنے سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا

پاکستان اور یو اے ای کے مابین دوطرفہ دفاعی تعاون بالخصوص مشترکہ آپریشنل مشقوں کے ذریعے تربیتی شعبے کو فروغ دینے کے غیر متزلزل عزم کا اظہار

کمانڈر متحدہ عرب امارات بحریہ نے متحدہ عرب امارات کی جانب سے پاک فضائیہ کے ساتھ مشترکہ فضائی مشقوں کے انعقاد میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا

یو اے ای کی بحریہ کے کمانڈر، میجر جنرل حمید محمد عبداللہ الرمیثی کی سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات

متحدہ عرب امارات کی بحریہ کے کمانڈر، میجر جنرل حمید محمد عبداللہ الرمیثی ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد کے دورے کے دوران سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) متحدہ عرب امارات کی بحریہ کے کمانڈر، میجر جنرل حمید محمد عبداللہ الرمیثی نے ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد کے دورے کے دوران سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کی۔ ملاقات میں علاقائی سلامتی کے محرکات، مشترکہ تربیتی اقدامات اور دونوں ممالک کی افواج کے مابین تعاون کے لئے نئی راہیں استوار کرنے سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سربراہ پاک فضائیہ نے سائبر، خلائی، آرٹیفیشل انٹیلیجنس، الیکٹرانک وارفیئر اور ایرواسپیس سے منسلک شعبہ جات میں جدید اپ گریڈیشن پروگرامز کے ذریعے (بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری سیلاب کی صورتحال سے متعلق ڈی جی پی آر آفس میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

پیمرا کا میسرز حمزہ صادق نیوز نیٹ ورک (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور کیخلاف قانونی کارروائی کا آغاز

پیمرا آرڈیننس 2002 ترمیم شدہ پیمرا (ترمیمی) ایکٹ 2023 کے سیکشن (3)33 کے تحت متعلقہ تھانے میں ایف آئی آر کے اندراج کیلئے درخواست جمع کرادی ہے

یہ امر قابل ذکر ہے کہ مذکورہ کمپنی کے ذمہ ابھی بھی ایک کروڑ تینتالیس لاکھ چوبیس ہزار دو سو پچاسی روپے واجب الادا ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) نے میسرز حمزہ صادق نیوز نیٹ ورک (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور کے خلاف واجبات کی ادائیگی کے لیے دیئے جانے والے دو پوسٹ ڈیٹڈ چیکوں کے بینک سے ڈس آنر ہونے پر متعلقہ کمپنی کے خلاف تادیبی کارروائی کرتے ہوئے پیمرا آرڈیننس 2002 ترمیم شدہ پیمرا (ترمیمی) ایکٹ 2023 کے (بقیہ نمبر 5)

وزیراعلیٰ سیلاب متاثرین کیلئے جلد بڑے ریلیف پیکیج کا اعلان کریں گی

سیلاب و آفات سے نمٹنے کیلئے شارٹ، میڈیم اور لانگ ٹرم پلاننگ کی جا رہی ہے: عظمیٰ بخاری

ڈینگی سیزن میں متاثرہ علاقوں میں سرویلنس اور سپرے کا عمل جاری ہے

سیلاب متاثرہ علاقوں میں 10 ہزار سرکاری ملازمین سروے کے لیے تعینات کر دیئے گئے ہیں

روٹی اور آٹے کی قیمتوں پر زیرو ٹالرنس، ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی

سیلاب متاثرین کو 7 لاکھ لیٹر سے زائد صاف پانی فراہم کر دیا گیا: وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب اس وقت شدید موسمی صورتحال کا سامنا کر رہا ہے۔ چار ماہ سے جاری بارشوں اور سیلاب نے عوام کی زندگیوں کو متاثر کیا ہے مگر پنجاب حکومت نے بروقت اقدامات اٹھاتے ہوئے ریلیف اور ریسکیو آپریشنز میں ایسی مثال قائم کی ہے جو ملکی تاریخ میں نہیں ملتی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ سیلاب سے چار ہزار 355 مواضعات متاثر ہوئے ہیں جبکہ متاثرہ آبادی کا حجم 41 لاکھ 99 ہزار 462 افراد تک پہنچ گیا ہے۔ اب تک 21 لاکھ 47 ہزار 646 افراد اور 15 لاکھ 49 ہزار 704 مویشی محفوظ مقامات پر منتقل کیے جا چکے ہیں۔ اس وقت صوبے بھر میں 412 ریلیف کیمپس قائم ہیں جن میں 68 ہزار 980 افراد رہائش پذیر ہیں۔ متاثرین کے علاج اور سہولت کے لیے 492 میڈیکل کیمپس اور 432 ویٹرنری کیمپس (بقیہ نمبر 2)

نواز شریف اور مریم نواز سے بنگلہ دیش کے وزیر برائے مذہبی امور کی ملاقات

بنگلہ دیش کے وزیر برائے مذہبی امور ڈاکٹر خالد حسین کا پاکستانی طلبہ کیلئے 500 نئے سکالر شپ دینے کا اعلان

دونوں ممالک کی باہمی قربت بڑھانے کا یہ بہترین وقت ہے، بنگلہ دیش اپنے عوام کی معاشی ترقی کے حوالے سے تیزی سے ابھر کر سامنے آیا' نواز شریف

بنگلہ دیش کی گارمنٹس، مائیکرو فنانس اور خواتین کی شمولیت میں کامیابیوں کو سراہا، دونوں ممالک کا رشتہ سرحدوں سے بالاتر نسل در نسل بھائی چارے پر مشتمل ہے' مریم نواز شریف

پاکستان کے عوام کی خاطر محمد نواز شریف اور انکے خاندان کی خدمات کو سنہرے حروف میں لکھا جائیگا' بنگلہ دیش کے وزیر ڈاکٹر خالد حسین

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت سیلاب کی صورتحال اور ریلیف اور ریسکیو آپریشنز کی پیش رفت سے متعلق اجلاس ہوا۔

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے بنگلہ دیش کے وزیر برائے مذہبی امور ڈاکٹر خالد حسین نے ملاقات کی۔ بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر ایم ڈی اقبال حسین خان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات میں بنگلہ دیش کے وزیر برائے مذہبی امور ڈاکٹر خالد حسین نے پاکستانی طلبہ کے لئے 500 نئے سکالر شپ دینے کا اعلان بھی کیا۔ قائد محمد نواز شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی عوام کے دل آج بھی بنگلہ دیشی بھائیوں کی محبت موجزن ہے۔ ایم ایم عالم کو آج بھی پاکستانی قوم اپنا ہیرو سمجھتی ہے۔ انہوں (بقیہ نمبر 15)

وزیراعلیٰ رات گئے سیلابی صورتحال کی مانیٹرنگ اور اپ ڈیٹس لیتی رہیں

جلالپور پیروالا میں پی ڈی ایم اے، ریسکیو، ضلعی انتظامیہ صورتحال کو سنبھالنے کیلئے سرگرم عمل ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف رات گئے تک ملتان میں سیلابی صورتحال کی مانیٹرنگ اور اپ ڈیٹس لیتی رہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے (بقیہ نمبر 20)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سعودی عرب کے سفیر سعید بن نواف المالکی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان میں نئی عالمی سرمایہ کاری کی لہر جاری ہے، مشیر وزیر خزانہ

سعودی آرامکو، سام سنگ، بی وائے ڈی پاکستانی مارکیٹ میں داخل ہو چکے ہیں' خرم شہزاد

لاہور (این این آئی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے پاکستان میں نئی عالمی سرمایہ کاری کی لہر جاری ہے، سعودی آرامکو، سام سنگ، بی وائے ڈی، ابوظہبی پورٹس پاکستانی مارکیٹ میں داخل ہو چکے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ چین کے ساتھ ڈیڑھ ارب ڈالر کے مشترکہ منصوبے اور 7 ارب ڈالر کے ایم او یوز سائن کئے گئے ہیں، (بقیہ نمبر 21)

بھارتی فوجیوں نے کولگام میں دو کشمیری نوجوان شہید کر دیئے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی تازہ کارروائی میں ضلع کولگام میں دو (بقیہ نمبر 12)

سپریم کورٹ کے 4 ججز کا ایک اور مشترکہ خط

ہمارے خط کو فل کورٹ میٹنگ منٹس کا حصہ بنایا جائے، شریک نہیں ہو سکتے، خط کا متن

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے 4 ججز جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس منیب اختر، جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس اطہر من اللہ نے ایک اور مشترکہ خط لکھ دیا، خط میں پھر چیف جسٹس کی بنائی کمیٹی کا ہی ذکر ہے۔ مشترکہ خط میں کہا گیا کہ نئے سپریم کورٹ (بقیہ نمبر 11)

پارلیمانی اسٹڈیز کے 10 سال مکمل ہونے پر تقریب کا انعقاد

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا پارلیمانی اسٹڈیز پروگرام کے 10 سالہ جائزہ کانفرنس سے خطاب

اسپیکر قومی اسمبلی کا پارلیمنٹ اور تعلیمی اداروں کے درمیان مضبوط روابط کے فروغ کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پارلیمانی اقدار کے فروغ، شہری شعور کی بہتری اور قومی ترقی کے لیے پارلیمنٹ اور تعلیمی اداروں کے درمیان مضبوط اور مؤثر روابط پر زور دیا ہے۔ انہوں نے ان خیالات پارلیمنٹ ہاؤس میں تدریس، تحقیق اور تحریر کے عنوان سے منعقدہ کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جو پارلیمانی اسٹڈیز پروگرام (بقیہ نمبر 3)



اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ پاکستان سینیٹر محمد اسحاق ڈار، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (آئی ایس سی) کے سیکرٹری جنرل مسٹر ایک ناتھ دھکل، پاکستان کے سینیٹ کی جانب سے اسلام آباد میں ہونے والی آئندہ آئی ایس سی کی پردہ اٹھانے کی تقریب میں شرکت کر رہے ہیں۔

نہم جماعت کی کمپیوٹر کتاب میں ماؤس کو ''چوہا'' لکھ دیا گیا، انکوائری شروع

لاہور (این این آئی) نہم جماعت کی کمپیوٹر کی کتاب میں کمپیوٹر ماؤس کو ''چوہا'' لکھ دیا گیا جس کی محکمہ تعلیم نے انکوائری شروع کر دی ہے۔ پیکٹا انتظامیہ نے تمام ریکارڈ کے ساتھ وضاحت طلب کر لی ہے، کمپیوٹر سائنس اینڈ انٹرپرینیورشپ چیپٹر 11 میں غلطی سامنے آئی۔ ڈائریکٹر کریکلم اینڈ کمپلائنس سے (بقیہ نمبر 13)

جلال پور پیروالا میں مقامی بند ٹوٹ گئے، درجنوں بستیاں زیر آب

شہر میں ایمرجنسی نافذ، موضع شاہ رسول اور بیٹ واہی کے زمیندارا بند ٹوٹ گئے

بہادر پور میں پانی گھروں میں داخل' شجاع آباد اور جلالپور میں ایمرجنسی نافذ

ملتان' جھنگ (این این آئی) پنجاب کے دریائے چناب میں انتہائی اونچے درجے کا سیلاب برقرار ہے، ہیڈ پنجند کے مقام پر پانی کی آمد اور اخراج 6 لاکھ 9 ہزار 669 (بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی، سکول اوقات کے دوران ٹریفک پلان مرتب

اہم شاہراہوں پر اضافی اہلکار تعینات ہونگے، سی ٹی او فرحان اسلم

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم نے سکول اوقات میں ٹریفک کے انتظامات اور روانی کا جائزہ لینے کے لیے مختلف شاہراہوں (بقیہ نمبر 17)

ایک وکیل جناب محمد بشارت جاوید نے سپریم کورٹ کے احاطے میں نئے قائم کیے گئے عوامی سہولت مرکز کا افتتاح عزت مآب چیف جسٹس آف پاکستان اور سپریم کورٹ کے ججز کی موجودگی میں کیا

وزیراعلیٰ کی پنجاب ٹیم سیلاب متاثرین کی خدمت میں مصروف

مریم نواز فلڈ ریلیف کیمپوں میں خواتین اور بچوں کے علاج کیلئے پرعزم، پنجاب ہیلتھ ٹیم متاثرین کی خدمت میں مصروف

سیلاب متاثرہ اضلاع میں خواتین اور بچوں کی صحت کی دیکھ بحال کے مربوط پروگرام کا آغاز، علاج معالجہ کی بہترین سہولتیں میسر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی پنجاب ہیلتھ ٹیم صوبے بھر کے سیلاب متاثرین کی خدمت میں سرگرم عمل ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف فلڈ ریلیف کیمپوں میں متاثرین بالخصوص خواتین اور بچوں کے علاج کے لئے پرعزم ہیں۔ تاریخ کے سب سے بڑے فلڈ میں سیلاب متاثرہ علاقوں میں صحت کی تاریخی سروسز کی فراہمی جاری ہیں۔ سیلاب متاثرہ اضلاع میں خواتین اور بچوں کی (بقیہ نمبر 22)

علیمہ خان کی اڈیالہ جیل کے باہر پریس کانفرنس کے دوران بدنظمی

صحافی کے سوال پوچھنے پر پی ٹی آئی کارکنوں کی صحافیوں سے ہاتھاپائی اور گالم گلوچ

راولپنڈی (این ای این) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان کی اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا ٹاک کے دوران بدمزگی کا واقعہ پیش آیا ہے۔ علیمہ خان کی اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا ٹاک کے دوران پی ٹی آئی کارکنان نے صحافیوں کے ساتھ ہاتھاپائی کی اور گالم گلوچ بھی کی۔ صحافی کے سوال پوچھنے پر پی ٹی آئی کارکنوں نے صحافیوں کے ساتھ (بقیہ نمبر 24)

عمران خان کیخلاف 10 ارب روپے ہرجانے کا کیس، وزیراعظم شہباز شریف جرح کیلئے طلب

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے بانی تحریک انصاف عمران خان کے خلاف 10 ارب روپے ہرجانے کے کیس میں عدالت نے وزیراعظم (بقیہ نمبر 23)

بی آئی ایس پی کے زیر اہتمام محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام آج نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ محفلِ میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد کیا گیا

تقریب کا اہتمام بی آئی ایس پی کی انتظامیہ، آل پاکستان ایمپلائز ویلفیئر ایسوسی ایشن اور آفیسرز ایسوسی ایشن کے باہمی تعاون سے کیا گیا تھا

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام منعقدہ محفلِ میلاد مصطفیٰ ﷺ سے نعت خواں حضرات عقیدت کے پھول نچھاور کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام آج نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ محفلِ میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کا اہتمام بی آئی ایس پی کی انتظامیہ، آل پاکستان ایمپلائز ویلفیئر ایسوسی ایشن اور آفیسرز ایسوسی ایشن کے باہمی تعاون سے کیا گیا تھا، جس میں بی آئی ایس پی کے افسران اور اسٹاف نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر عصمت نواز، ڈائریکٹر جنرلز اور دیگر افسران و اسٹاف کے ہمراہ تقریب میں شرکت کی۔ محفل کے دوران بی آئی ایس پی ملازمین (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی میں ون وے خلاف ورزی کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز

خلاف ورزی کرنے والوں کے لائسنس بھی معطل کیے جائیں گے

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم نے شہر میں بڑھتی ون وے کی خلاف ورزی پر نوٹس لیتے ہوئے ضلع بھر میں 60 روزہ خصوصی مہم شروع کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بلاک اسپاٹس کی (بقیہ نمبر 18)

ڈی پی او لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین کی کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل فوری حل کرنا میری اولین ترجیح ہے، ڈی پی او چکوال

چکوال (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن، آئی جی پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور اور آر پی او راولپنڈی ڈویژن بابر سرفراز الپا کی ہدایات پر عمل کرتے (بقیہ نمبر 19)

پاکستان عالمی امن کے عزم کا اعادہ

انٹر پارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس کے کرٹن ریزر تقریب سے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا اہم خطاب

پاکستان کی خارجہ پالیسی کے اہداف اس پارلیمانی رابطہ کاری سے منسلک ہیں، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کا خطاب

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی، 11 سے 12 نومبر 2025 تک اسلام آباد میں سینیٹ آف پاکستان کی میزبانی میں ہونے والی بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (ISC) کی پردہ اٹھانے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی جانب سے نومبر میں اسلام آباد میں ہونے والی انٹر پارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس (آئی ایس سی) کے سلسلے میں کرٹن ریزر کی شاندار تقریب پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوئی جس میں پارلیمانی رہنماؤں، سفارتکاروں اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر 38 ممالک کے سفراء اور بین الاقوامی اداروں کے نمائندے شریک ہوئے جو پاکستان کی اس پارلیمانی سفارت کاری کے اقدام میں عالمی برادری کی گہری دلچسپی اور حمایت کا مظہر ہے۔ تقریب کے آغاز پر چیئرمین سینیٹ کی مشیر اور آئی ایس سی کی سفیر، مصباح کھر نے استقبالیہ کلمات (بقیہ نمبر 25)

ABC Certified MEMBER WUDJ عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

ممبئی میں بم نصب: بھارت کا ایک اور جھوٹ

آپریشن سندور میں ناکامی کے بعد بھارتی حکومت نے ایک مرتبہ پھر پاکستان پر بے بنیاد الزامات لگانے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ پہلگام فالس فلیگ کی جگ ہنسائی کے بعد بھارتی میڈیا نے نیا ڈرامہ رچایا کہ ممبئی ٹریفک کنٹرول روم کو شہر کے مختلف مقامات پر بم نصب ہونے کی کالز موصول ہوئیں۔ اس جھوٹی اور من گھڑت خبر کے ذریعے پاکستان پر الزام عائد کرنے کی کوشش کی گئی، حسب سابق اور حسب معمول اس کا کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔ ثبوت تو تب ہی پیش کیا جا سکتا ہے جب ایسی کوئی زمینی حقیقت ہو۔ بھارت کے اس طرح کے پروپیگنڈے کا مقصد اندرونی ناکامیوں سے عوام کی توجہ ہٹانا اور خوف کی فضا پیدا کر کے سیاسی فائدہ اٹھانا ہے۔ حالیہ دنوں بھارتی میڈیا تین پاکستانی شہریوں کو، جو کمبوڈیا روزگار کے لیے جا رہے تھے، دہشت گرد قرار دے چکا ہے۔ یہ الزام بھی بے سروپا ثابت ہوا۔ بین الاقوامی رپورٹس بارہا اس بات کی نشاندہی کر چکی ہیں کہ بھارت ڈس انفارمیشن پھیلانے میں ملوث ہے۔ جھوٹ کی بنیاد پر نہ صرف پاکستان بلکہ بھارت کے اندر اقلیتوں کے خلاف بھی نفرت کو ہوا دی جاتی ہے۔ اقلیتوں کے خلاف شدت پسندوں کو ابھارا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ متعدد بار مساجد اور چرچ جلائے گئے، حتیٰ کہ گولڈن ٹیمپل کو بھی تاراج کیا گیا۔ آج بھارت میں کوئی اقلیت خود کو محفوظ نہیں سمجھتی۔ بھارت کے اس رویے کا مقصد ہمسایہ ممالک، خاص طور پر پاکستان کے خلاف بین الاقوامی سطح پر منفی تاثر پیدا کرنا بھی ہے۔ پاکستان کو چاہیے کہ بین الاقوامی برادری کے سامنے نہ صرف مسلسل شواہد پیش کرتا رہے جیسا کہ کر رہا ہے بلکہ اس میں تیزی بھی لائی جائے تاکہ بھارت کے جھوٹ اور پروپیگنڈے کو دنیا بھر میں جہاں تک ممکن بے نقاب کیا جا سکے۔ عالمی اداروں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ بھارت کو خبردار کریں کیونکہ یہ رویہ خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے۔ اگر بھارت کو لگام نہ دی گئی تو صورتحال ایک بار پھر اس وقت کی طرح کشیدہ ہو سکتی ہے جب اس نے پاکستان پر حملہ کیا اور اسے منہ کی کھانی پڑی۔ بھارت چونکہ محاذ اور میدان میں پاکستان کا مقابلہ کرنے سے لاچار ہے۔ وہ آج بھی زخم چاٹ رہا ہے جن کے بدلے کے لیے ایسی سازشیں رچا رہا ہے۔

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

بھارتی واٹر بم

... وقت اب ہے، نہ صرف زندہ رہنے کے لیے بلکہ ترقی کرنے کے لیے۔

اس جغرافیائی سیاسی تناؤ میں ایک پریشان کن پہلو کا اضافہ کرتے ہوئے ایک ویڈیو سامنے آئی ہے جس میں بھارتی فوج کے ایک ریٹائرڈ افسر لیفٹیننٹ جنرل کنول جیت سنگھ ڈھلون، واضح ...

... پوری پاکستانی قوم اپنی حکومت اور مسلح افواج کے پیچھے متحد کھڑی ہے، جو اس فوری خطرے کا سامنا کرنے اور مستقبل کے تباہ کن نقصانات کو روکنے کے لیے ہر ضروری اقدام کو استعمال کرنے کے لیے پرعزم ہیں اور اس طرح قوم کی خودمختاری، سلامتی اور بقا کو محفوظ بنا رہے ہیں۔

... قومی فوائد ابتدائی اخراجات سے کہیں زیادہ ہیں۔ مزید برآں، ان منصوبوں کی کامیابی کا انحصار ادارہ جاتی صلاحیت اور حکمرانی کی مضبوطی پر ہے۔ پاکستان کو اپنی پانی سے متعلق مختلف ایجنسیوں کے درمیان تاریخی مسائل جیسے بیوروکریٹک تاخیر، بدعنوانی اور اوورلیپنگ مینڈیٹس کو حل کرنا ...

... کرتی ہے تو بنیادی ڈھانچے کے اس فعال دفاع کی ضرورت اور بھی زیادہ فوری ہو جاتی ہے۔ اچھی طرح سے ترتیب دیئے گئے ڈیموں کے منصوبے طویل مدتی ماحولیاتی اور تزویراتی فوائد بھی پیش کرتے ہیں۔ وہ کم ہوتے آبی ذخائر کے دوبارہ بھرنے میں سہولت فراہم کر سکتے ہیں، ...

عنوان "مالیاتی تعلیم: خوشحال معاشرے کی بنیاد"

تحریر۔۔۔۔عمر افضل

"کیا واقعی اچھی ڈگری اور اچھی نوکری ہی کامیابی کی ضمانت ہیں؟"

ہمارے معاشرے میں بچپن سے یہی سوچ ذہنوں میں بٹھا دی جاتی ہے کہ امتحان میں اچھے نمبر لاؤ، ڈگری حاصل کرو اور پھر ایک اچھی نوکری کے ذریعے "بڑے آدمی" بن جاؤ۔ لیکن حقیقت اس سوچ سے کہیں مختلف ہے۔ ...

ہمارے تعلیمی اداروں میں رٹنے کا رجحان عام ہے، طلبہ کو صرف وہ معلومات یاد کرائی جاتی ہیں جن کی بدولت وہ امتحان میں کامیاب ہو سکیں، مگر عملی زندگی کے مسائل حل کرنے اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے میں ناکام رہتے ہیں۔ ...

اور یہی تربیت انہیں محنت کی عادت، مالی نظم و ضبط اور کاروباری ہنر دیتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تعلیم مکمل کرنے کے بعد وہ معاشرے پر بوجھ بننے کے بجائے خود بھی روزگار کماتے ہیں اور دوسروں کے لیے بھی مواقع پیدا کرتے ہیں۔ اسی طرز فکر کو ...

... کے ساتھ دکان یا کاروبار میں ہاتھ بٹاتے ہیں، ... کہ پیسے کو کس طرح اپنے لیے کام پر لگایا جائے۔ ... بنیادی اصول سکھائے جائیں۔

ربیع الاول اور اس کے تقاضے

مضمون نگار: سیدہ کرن فاطمہ (این پی ریجی، فیصل آباد)

... اپنا شعار بنائیں۔ نبی کریم ﷺ کی سیرت ہمیں سکھاتی ہے کہ پڑوسی کا خیال رکھنا، یتیموں اور مسکینوں کی کفالت کرنا اور سب کے ساتھ بھلائی کرنا ہی اصل دین ہے۔

اس مہینے کا سب سے بڑا تقاضا یہ ہے کہ ہم اپنی ...

... خلق کی تعلیمات دیں۔ اگر ہم ان تعلیمات کو اپنی ... حقوق العباد کا خیال رکھیں، اور دوسروں کی مدد کو ... پیغام کو سمجھ لیں تو یہی ہماری کامیابی کا راز ہے۔

SHOWBIZ شوبز

زندگی میں مشکل وقت دیکھا، اداکار ہمایوں سعید

جب بھی کامیابی حاصل کرتا ہوں تو خود کو اللہ کے بہت قریب محسوس کرتا ہوں



کراچی (این این آئی) سینئر اداکار ہمایوں سعید نے انکشاف کیا کہ انہوں نے زندگی میں سخت مشکل وقت دیکھا، جب ان کا بھائی ایک حادثے کے بعد چلنے پھرنے سے معذور ہو گیا تھا اور اس کے مفت علاج کے لیے انہوں نے مختلف ہسپتالوں کے چکر لگائے۔ ہمایوں سعید نے حال ہی میں فوشیا میگزین کو انٹرویو دیا، جہاں انہوں نے اپنی زندگی، کیریئر اور جدوجہد کے تجربات پر کھل کر بات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ جب بھی وہ کامیابی حاصل کرتے ہیں تو خود کو اللہ کے بہت قریب محسوس کرتے ہیں، ایک وقت ایسا بھی تھا جب وہ صرف سترہ یا اٹھارہ سال کے تھے، اچانک ان کے والد کا کاروبار ختم ہو گیا اور ان کا بھائی، جو ان سے صرف دو سال چھوٹا تھا، اونچائی سے گر کر ریڑھ کی ہڈی کے شدید نقصان کا شکار ہو گیا۔

عاطف اسلم کا والد کے انتقال کے بعد تنقید کرنے والوں کو جواب

مجھے میری موسیقی پر پسند کریں یا ناپسند، لیکن مجھے یہ مت بتائیں کہ مجھے کیا کرنا چاہیے

لاہور (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ پاکستانی گلوکار عاطف اسلم نے والد کے انتقال کے بعد کنسرٹ میں پرفارم کرنے پر تنقید کرنے والوں کو جواب دے دیا۔ گزشتہ ماہ عاطف اسلم کے والد لاہور میں انتقال کر گئے تھے، والد کے انتقال کے اگلے ہی دن گلوکار نے کراچی کے کرکٹ سٹیڈیم میں یوم آزادی کی مناسبت سے منعقدہ کنسرٹ میں پرفارم کیا تھا۔ ایک جانب گلوکار کے مداحوں کی جانب سے خوب سراہتے ہوئے کہا گیا کہ عاطف اسلم والد کے انتقال کے باوجود اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں سے پیچھے نہیں ہٹے جبکہ دوسری جانب گلوکار کو تنقید کا نشانہ بھی بنایا گیا۔

سوشل میڈیا انفلوئنسر ڈاکٹر نبیحہ علی کا دوسری شادی کا اعلان

یہ بیان سامنے آتے ہی سوشل میڈیا پر مداحوں کی جانب سے ردعمل کا طوفان آ گیا

کراچی (این این آئی) معروف ماہر نفسیات، سوشل میڈیا انفلوئنسر اور سابقہ نیوز اینکر ڈاکٹر نبیحہ علی خان ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئی ہیں۔ اپنی بے باک آرا اور متنازع بیانات کے ... مرتبہ پھر سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بنی رہیں، لیکن اس بار وجہ کچھ اور ہے۔ ڈاکٹر نبیحہ علی خان نے اپنے یوٹیوب چینل پر ایک انٹرویو کے دوران اپنی دوسری شادی سے متعلق اہم اعلان کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ منگنی کر چکی ہیں اور جلد ہی شادی کے بندھن میں بندھنے والی ہیں۔ ان کا کہنا تھا، میری شادی طے ہو چکی ہے۔ کچھ لوگ یہ افواہیں پھیلا رہے ہیں کہ میری دوسری شادی ہو چکی ہے، لیکن یہ درست نہیں۔ میری بات پکی ہوئی ہے اور جلد شادی کروں گی۔

فیروز کا مسئلہ ہے کہ اپنے ہیروازم سے باہر نہیں نکل سکتے، عتیقہ اوڈھو

فیروز کرداروں میں ڈھلنے کے بجائے ہمیشہ ہیروازم میں رہتے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف سینئر اداکارہ عتیقہ اوڈھو نے اداکار فیروز خان کی خراب اداکاری پر تنقید کے نشتر چلا دیے۔ حال ہی میں نجی چینل کے پروگرام میں ... رائے دیتے ہوئے کہا کہ فیروز خان کا مسئلہ ہے کہ وہ اپنے ہیروازم سے باہر نہیں نکل سکتے، کردار چاہے کوئی بھی ہو وہ ہمیشہ خود کو ہیرو ہی سمجھتے ہیں جو ان کی اداکاری میں بھی جھلکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب فیروز اداکاری کرتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ وہ اداکاری کر رہے ہیں جبکہ ایک اچھا اداکار وہ ہے جو کرداروں میں ڈھل جائے، فیروز کرداروں میں ڈھلنے کے بجائے ہمیشہ ہیروازم میں رہتے ہیں، جس کی وجہ سے ان کے کردار کمزور پڑ جاتے ہیں۔

فلم "اوجی" 25 ستمبر کو سینما گھروں کی زینت بنے گی

ممبئی (این این آئی) تیلگو فلموں کے سپر اسٹار اور آندھرا پردیش کے صوبائی وزیر پون کلیان کی فلم اوجی کا پہلا ٹکٹ نیلامی میں بھاری قیمت پر فروخت ہوا ہے، اس ٹکٹ کی آمدنی ان کی پارٹی کو عطیہ کی جائے گی۔ تھمن ایس نے فلم اوجی کی موسیقی ترتیب دی ہے اور یہ رواں ماہ کی 25 تاریخ کو بھارتی سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ اوجی پون کلیان کی ان 3 فلموں میں سے ایک ہے جن کے لیے پون نے سیاست میں آنے اور آندھرا پردیش کا نائب وزیر اعلیٰ بننے سے پہلے ہامی بھری تھی۔ اداکار کی پارٹی جے ایس پی نے ٹی ڈی پی اور بی جے پی کے ساتھ اتحاد میں 2024 کے آندھرا پردیش انتخابات میں کامیابی حاصل کی۔

مہندر سنگھ دھونی کی پہلی فلم؟ ایکشن سے بھرپور ٹیزر جاری

حیدرآباد (این این آئی) بھارت کے سابق کپتان مہندر سنگھ دھونی کے مداحوں کو سرپرائز ملنے والا ہے، وہ نئے پروجیکٹ کے ساتھ مداحوں کو جلد نظر آئیں گے۔ کرکٹ کے میدان اور اشتہارات میں ایکشن کے بعد ایم ایس دھونی بالی ووڈ اداکار آر مادھون کے ساتھ ایک نئے پروجیکٹ میں جلوہ گر ہو رہے ہیں، جو پہلے ہی ان کے فینز میں کافی موضوع بحث بن چکا ہے، دی چیس نامی پروجیکٹ کی ہدایت کاری کے فرائض وسن بالا نے انجام دیے ہیں۔ آر مادھون کی جانب سے 7 ستمبر کو سوشل میڈیا پر وسن بالا کے آنے والے پروجیکٹ دی ...

بیک وقت 2 لوگوں سے محبت نہیں ہو سکتی، اداکار توثیق حیدر

محبت ایک سے زیادہ بار ممکن ہے۔ ایک شخص بار بار محبت میں پڑ سکتا ہے



لاہور (این این آئی) اپنی محبت کی کہانی کو جاری ...

عاطف اسلم یا علی ظفر؟ کرینہ کپور کا دلچسپ جواب

کبھی خوشی کبھی غم اور جب وی میٹ میں ان کی پرفارمنس آج بھی شائقین کے دلوں میں تازہ ہے



ممبئی (این این آئی) بولی وڈ کی سپر اسٹار کرینہ ...

SPORTS سپورٹس

میرے ہیڈ کوچ بننے کے بعد پاکستانی ٹیم میں بہتری آئی ہے، مائیک ہیسن

سہ ملکی سیریز کا پاکستان اور افغانستان کا فائنل زبردست ہوگا، دلچسپ پوسٹ شیئر کر دی

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے کہا ہے کہ سہ ملکی سیریز کا پاکستان اور افغانستان کا فائنل زبردست ہوگا۔ فائنل سے قبل مائیک ہیسن نے سوشل میڈیا پر ایک دلچسپ پوسٹ شیئر کی ہے جس کے ساتھ لکھا ہے کہ میرے ہیڈ کوچ بننے کے بعد پاکستانی ٹیم میں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اب تک 13 میں سے 9 ٹی 20 میچز جیتے ہیں، جو اچھی علامت ہے۔ ہیڈ کوچ نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان فیصلہ کن معرکے سے قبل شائقین کرکٹ کو وہ بات بتا دوں، جو شاید انہیں معلوم نہ ہو اور وہ یہ کہ 20 برس قبل میں نے موجودہ افغان ہیڈ کوچ جوناتھن ٹروٹ کو نیوزی لینڈ کی ڈومیسٹک کرکٹ میں اوٹاگو والٹس کی جانب سے پہلی بار موقع دیا تھا۔ اُن کا کہنا ہے کہ ٹروٹ نے ٹیم کی جانب سے کھیلتے ہوئے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا، اب ایک بار پھر ہم دونوں ایک ساتھ ہیں مگر الگ، الگ کردار میں۔ ہیسن نے کہا کہ پاکستان ٹی 20 فارمیٹ میں اچھا جا رہا ہے۔

فیفا ورلڈ کپ 2026 کیلیے کوالیفائی کرنے والی مزید 3 ٹیمیں سامنے آ گئیں

یوروگوئے، کولمبیا اور پیراگوئے نے فیفا ورلڈ کپ 2026 کیلیے کوالیفائی کر لیا ہے

کراچی (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026 کیلیے کوالیفائی کرنے والی تین ٹیموں کے نام سامنے آ گئے۔ رپورٹ کے مطابق یوروگوئے، کولمبیا اور پیراگوئے نے فیفا ورلڈ کپ 2026 کیلیے کوالیفائی کر لیا ہے۔ یوروگوئے نے گزشتہ روز ہوم گراؤنڈ پر پیرو کو 0-3 سے شکست دے کر اپنی جگہ یقینی بنائی جبکہ کولمبیا نے بولیویا کو اسی اسکور لائن سے ہرایا۔ پیراگوئے نے ایکواڈور کے ساتھ 0-0 سے ڈرا کھیل کر ٹورنامنٹ کیلیے کوالیفائی کر لیا۔ مونٹی ویڈیو کے اسٹیڈیو سینٹیناریو میں 60 ہزار تماشائیوں کی موجودگی میں روڈریگو آگوری نے 14 ویں منٹ میں شاندار ہیڈر سے یوروگوئے کو برتری دلائی۔ یوروگوئے کی جانب سے جیورجیان ڈی آراسکیٹا نے دوسرا گول 59 ویں منٹ میں کیا جبکہ فیڈریکو ویناس نے میچ ختم ہونے سے 10 منٹ قبل تیسرا گول کر دیا۔

ایسا لگا جیسے میرے کندھوں پر بلڈنگ جتنا بوجھ ہو، کرس گیل

میں نے محسوس کیا کہ سینئر کھلاڑی کی حیثیت سے میرے ساتھ برتاؤ اچھا نہیں ہے، انٹرویو



ممبئی (این این آئی) ویسٹ انڈیز کے سابق کرکٹر کرس گیل انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) پر پھٹ پڑے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ پنجاب کنگز نے انہیں عزت نہیں دی۔ کرس گیل نے عزت نہ ملنے کو آئی پی ایل سے جلد ریٹائرمنٹ کی وجہ بتایا اور کہا کہ میرا آئی پی ایل میں پنجاب کنگز کے ساتھ معاہدہ پہلے ختم ہو گیا تھا۔ ایک انٹرویو انہوں نے انکشاف کیا کہ پنجاب کنگز نے بے عزتی کی، میں نے محسوس کیا کہ سینئر کھلاڑی کی حیثیت سے میرے ساتھ برتاؤ اچھا نہیں ہے، آپ نے فرنچائز کے لیے اتنا کچھ کیا لیکن عزت نہ دی جائے بچوں جیسا رویہ ہو۔ کرس گیل کا کہنا تھا کہ مجھے ایسا لگا جیسے میرے ... مرتبہ ڈپریشن موڈ میں گیا، آپ کی مینٹل ہیلتھ پیسے سے زیادہ اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے انیل کمبلے کو کال کی ون آن ون بات ہوئی، یقین جانیں گفتگو کے دوران میرا ...

ایشیا کپ میں پاکستان کے ساتھ کھیلنے پر بی سی سی آئی کی وضاحت

انٹرنیشنل ٹورنامنٹس میں بھارتی ٹیم کی شرکت پر پابندی نہیں، وضاحت جاری

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے ایشیا کپ میں پاکستان کے ساتھ کھیلنے پر بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کی وضاحت سامنے آ گئی۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے سیکریٹری دیوجیت سائیکیا کا کہنا ہے کہ بھارت کی ... بھارتی ٹیم کی شرکت پر پابندی نہیں، جہاں تک بی سی سی آئی کے موقف کا تعلق ہے، ہمیں وہی فالو کرنا پڑتا ہے جو مرکزی حکومت طے کرتی ہے۔ ... کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی حالیہ پالیسی کے مطابق انٹرنیشنل ٹورنامنٹس میں ... طرف سے ایسے ممالک کے خلاف کھیلنے پر کوئی پابندی عائد نہیں کی گئی ہے۔

راس ٹیلر کی انٹرنیشنل کرکٹ میں واپسی ہو گئی

آکلینڈ (این این آئی) سابق کیوی کرکٹر راس ٹیلر کی انٹرنیشنل کرکٹ میں واپسی ہوئی ہے۔ سابق کرکٹر راس ٹیلر نیوزی لینڈ کے بجائے ساموا کی جانب سے انٹرنیشنل کرکٹ کھیلیں گے، وہ ٹی 20 ورلڈ کپ کوالیفائر میں ایکشن میں دکھائی دیں گے۔ ٹیلر نے انسٹاگرام پر جاری پیغام میں کہا کہ اپنے ورثے، ثقافت، گاؤں اور خاندان کی نمائندگی کرنا میرے لیے بہت بڑا اعزاز ہے۔ راس ٹیلر نے 112 ٹیسٹ، 236 ون ڈے انٹرنیشنل اور 102 ٹی 20 میں نیوزی لینڈ کی نمائندگی کی ہے۔ سابق کرکٹر آئی سی سی قانون کے تحت رواں سال کے اوائل میں ساموا کی نمائندگی کرنے کے اہل ہو گئے تھے۔ نیوزی لینڈ کی جانب سے ٹیلر نے اپنے انٹرنیشنل کیریئر میں 18 ہزار سے زائد رنز بنائے ہیں جبکہ ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنلز میں 122.37 کے اسٹرائیک ریٹ سے 1909 رنز بنائے۔ واضح رہے کہ راس ٹیلر کی والدہ کا تعلق ساموا سے ہے۔

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی
تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

پاک فضائیہ کو ایک جدید، مستعد اور تکنیکی اعتبار سے ہمہ وقت تیار فضائیہ میں بدلنے کے اپنے وژن پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے دونوں ممالک کے مابین دیرینہ مذہبی اور تاریخی تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے مابین دوطرفہ دفاعی تعاون بالخصوص مشترکہ آپریشنل مشقوں کے ذریعے تربیتی شعبے کو فروغ دینے کے غیر متزلزل عزم کا اظہار کیا۔ متحدہ عرب امارات کی بحریہ کے کمانڈر نے پاک فضائیہ کی جانب سے انکے پرتپاک استقبال اور شاندار مہمان نوازی پر ائیر چیف کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پاک فضائیہ کی خود انحصاری مہم کے مضبوط ڈھانچے، مقامی صلاحیتوں اور اسکی جانب سے حاصل کردہ تکنیکی ترقی کو سراہا جسکی بدولت پاک فضائیہ خطے کی ایک آپریشنل طور پر مستعد اور تکنیکی لحاظ سے جدید ترین فضائی قوت بنی۔ معزز مہمان نے متحدہ عرب امارات کی مسلح افواج کی جانب سے ملٹی ڈومین وارفیئر میں پاک فضائیہ کے بھرپور آپریشنل تجربے سے استفادہ حاصل کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ پاک فضائیہ کا بہترین آپریشنل فریم ورک اور عسکری لحاظ سے ثابت شدہ جنگی حکمت عملیاں علاقائی اور بین الاقوامی شراکت داروں کے لیے یکساں طور پر مفید ہیں۔ کمانڈر متحدہ عرب امارات بحریہ نے متحدہ عرب امارات کی جانب سے پاک فضائیہ کے ساتھ مشترکہ فضائی مشقوں کے انعقاد میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا جن سے علمی اشتراک، آپریشنل ہم آہنگی اور مشترکہ کارروائیوں کو تقویت حاصل ہوگی۔ انہوں نے متحدہ عرب امارات کی فضائیہ کی پاکستان میں مشترکہ تربیتی پروگرامز میں شرکت کی دیرینہ خواہش کا اظہار کیا اور اس امر کو موجودہ برادرانہ تعلقات میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ سربراہ پاک فضائیہ اور متحدہ عرب امارات کی بحریہ کے کمانڈر کے مابین یہ ملاقات دونوں مسلح افواج کی جانب سے مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے، اور اس مقصد کے لیئے مل کر کام کرنے کے عزم کے ساتھ ساتھ دفاعی و عسکری شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی بھرپور خواہش کا منہ بولتا ثبوت ہے

بقیہ 2

قائم کیے گئے ہیں جن میں 1 لاکھ 93 ہزار 806 افراد کا علاج کیا جا چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے بدقسمتی سے 60 افراد جاں بحق اور 8 زخمی ہوئے ہیں جبکہ 1 ہزار 543 مویشی ہلاک ہوئے ہیں۔ سیلاب سے زیر کاشت رقبہ 18 لاکھ 41 ہزار 581 ایکڑ متاثر ہوا ہے جس کے باعث دالوں اور سبزیوں کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر اطلاعات نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز جلد ایک بڑے ریلیف پیکج کا اعلان کریں گی اور آفات سے نمٹنے کے لیے شارٹ، میڈیم اور لانگ ٹرم پلاننگ کی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر میں ایک اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ ڈینگی کے حوالے سے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ "ڈینگی کے سیزن میں محکمہ صحت اور انتظامیہ پوری طرح فعال ہیں۔ جہاں پانی اتر گیا ہے وہاں ڈینگی سرویلنس اور سپرے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔"، انہوں نے بتایا کہ متاثرہ علاقوں میں 2 لاکھ 38 سو لیٹر صاف پانی اور مزید پانچ لاکھ لیٹر پانی متاثرین تک پہنچایا گیا ہے، جبکہ ایک لاکھ 60 ہزار بوتلیں بھی فراہم کی گئی ہیں۔ پریس کانفرنس میں سوالات کے جواب دیتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ سیلاب کے بعد اسٹرکچرل اور لیگل ریفارمز کی جائیں گی جن پر وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کام شروع کر دیا ہے۔ بھارتی پنجاب کے کسانوں کے نقصان پر اظہار یکجہتی کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ "سنہرا پنجاب جو پورے بھارت کو کھلاتا ہے، آج خود شدید متاثر ہے۔" گجرات کے سیوریج نظام پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ "اربوں روپے خرچ کرنے کے باوجود وہاں سیوریج سسٹم موجود نہیں ہے۔" ن لیگ اس منصوبے کو مکمل کر کے دکھائے گی۔ ذخیرہ اندوزی اور آٹے/روٹی کی قیمتوں پر زیرو ٹالرنس اپنائی گئی ہے، پکڑی گئی گندم مارکیٹ میں لا کر قیمتوں کو کنٹرول کیا جائے گا۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کے ساتھ عوام کو مکمل تعاون کرنا چاہیے اور متاثرہ علاقوں میں انتظامیہ کی اجازت کے بغیر داخل نہ ہوں۔ 10 ہزار سرکاری ملازمین سروے کے لیے تعینات کر دیے گئے ہیں۔

بقیہ 3

کے 10 سال مکمل ہونے پر منعقد کی گئی۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ یہ پروگرام 2015 میں ان کی زیر صدارت شروع کیا گیا تھا، جس میں ملک کی 25 جامعات نے اپنے نصاب میں پارلیمانی اسٹڈیز شامل کرنے کا عزم کیا تھا۔ انہوں نے وائس چانسلرز، ریکٹرز، پرنسپلز اور سینئر فیکلٹی ممبران کی کانفرنس میں بھرپور شرکت اور طلبہ میں پارلیمانی شعور اجاگر کرنے کے لیے ان کے تعاون کو سراہا۔ انہوں نے کہا، "آئین اور قومی اسمبلی میں کارروائی کے قواعد و ضوابط صرف سرسری مطالعے سے ممکن نہیں بلکہ اس کے لیے عملی مشاہدہ اور تجربہ ضروری ہے۔" اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ اس وقت ملک کی 17 جامعات میں آئین، پارلیمانی امور اور متعلقہ موضوعات پر تدریس جاری ہے، اور ملکی جامعات کے اساتذہ و محققین مقامی سطح پر پارلیمانی عمل پر تحقیق کر رہے ہیں۔ انہوں نے 2013 میں شروع کیے گئے قومی اسمبلی انٹرن شپ پروگرام کو ایک کامیاب اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس پروگرام نے ہزاروں طلبہ خصوصاً پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ کو قانون سازی کے عمل سے روشناس کرایا۔ انہوں نے کہا کہ اکثر انٹرنز پارلیمان کے کام کی وسعت اور پیچیدگی دیکھ کر حیران رہ جاتے ہیں اور وہ پارلیمنٹ و جمہوریت کے سفیر بن کر واپس جاتے ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں شفافیت اور میرٹ کے فروغ کے لیے کی گئی ادارہ جاتی اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمنٹ کو محققین، طلبہ اور شہریوں کے لیے سیمینارز، تحقیقی تعاون اور تدریسی پروگرامز کے ذریعے کھول دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسپیکر کے تقرریوں اور ترقیوں سے متعلق اختیارات میں کمی کی گئی ہے تاکہ میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ اسٹاف کی سینیارٹی لسٹس ویب سائٹ پر عوامی سطح پر دستیاب کی گئی ہیں۔ انہوں نے یاد دلایا کہ قومی اسمبلی آف پاکستان نے ماحول دوست اقدامات کرتے ہوئے 2016 میں دنیا کی پہلی مکمل طور پر شمسی توانائی پر منتقل شدہ "گرین پارلیمنٹ" ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کانفرنس میں پیش کی گئی تجاویز کا خیر مقدم کیا جن میں انٹرن شپ پروگرام کو تمام صوبائی اسمبلیوں تک توسیع دینا، قائمہ کمیٹیوں کے ساتھ تعلیمی اداروں کے روابط کو فروغ دینا، پارلیمانی جریدے کا اجرا اور ڈیجیٹل آرکائیوز کا قیام، تحقیقی مقالوں اور تھیسز کے لیے ایوارڈز کا آغاز، ماہر پارلیمنٹیرینز کو جامعات کی سنڈیکیٹس اور بورڈز میں شامل کرنا، تحقیقی ڈیٹا بینک کا قیام جو تعلیمی و پالیسی سازی کے اداروں کے لیے قابل رسائی ہو، اسٹوڈنٹ ایمبیسڈر پروگرام کی YPF کے تعاون سے بحالی شامل ہیں۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے اعلیٰ تعلیم کے فروغ میں پارلیمنٹ کی مکمل حمایت کا یقین دلایا اور ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) سے تعاون کے ذریعے جامعات میں پارلیمانی اسٹڈیز پروگرامز کے مؤثر نفاذ کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے جامعات سے تحریری تجاویز بھی طلب کیں جن پر دسمبر 2025 میں منعقد ہونے والے فالو اپ اجلاس میں غور کیا جائے گا۔ اسپیکر نے کہا کہ آئندہ اجلاس میں چاروں صوبائی اسمبلیوں، گلگت بلتستان اسمبلی اور آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اسپیکرز کو بھی مدعو کیا جائے گا۔ پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) پر پارلیمانی ٹاسک فورس کی کنوینر اور رکن قومی اسمبلی محترمہ شائستہ پرویز نے اسپیکر سردار ایاز صادق کی جانب سے پارلیمانی اسٹڈیز کو ادارہ جاتی سطح پر فروغ دینے اور پارلیمنٹ و تعلیمی اداروں کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانے کے اقدام کو سراہا۔ انہوں نے جامعات کو پائیدار ترقی کے اہداف پر تحقیق اور عملی اقدامات کے لیے پارلیمنٹ کے ساتھ شراکت داری کی دعوت دی۔ رکن قومی اسمبلی اور یوتھ پارلیمنٹیرینز فورم (YPF) کی صدر محترمہ نوشین افتخار نے ایک تھیمیٹک سیشن کی صدارت کرتے ہوئے نوجوانوں کی جمہوری عمل میں شمولیت کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی اسٹڈیز پروگرام، انٹرن شپ اور فیلوشپس نوجوانوں کو یہ احساس دلاتے ہیں کہ پارلیمنٹ صرف قانون سازی کا ادارہ نہیں بلکہ تحقیق، جدت اور معاشرتی ذمہ داری کا مرکز بھی ہے۔ انہوں نے YPF کی جانب سے اسٹوڈنٹ ایمبیسڈر پروگرام کی بحالی اور طلبہ کو پارلیمنٹیرینز سے براہ راست رابطے کے مواقع فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس قومی کانفرنس میں ملک بھر کی 25 سے زائد جامعات کے وائس چانسلرز، ریکٹرز، اعلیٰ تعلیمی اداروں کے سربراہان، ڈینز اور سینئر فیکلٹی ممبران نے بھرپور شرکت کی۔

بقیہ 4

نے حضور نبی اکرم ﷺ کی شان اقدس میں نعت کے نذرانے پیش کیے، بعدازاں پرنسپل جامعہ نعیمیہ، مفتی گلزار احمد نعیمی نے سیرت طیبہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ حضور ﷺ نے انسانیت کو سربلند کیا، عورتوں کو حقوق دیے اور دنیا میں امن کا پیغام عام کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ ہمیں اپنی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی میں تین اقدار کو ہمیشہ مدنظر رکھنا چاہیے: رحمت، ایثار اور رواداری، کیونکہ یہ حضور ﷺ کی تعلیمات کا خلاصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی آئی ایس پی کے ملازمین کو خاص طور پر یہ یاد رکھنا چاہیے کہ مستحق اور کمزور طبقات کی عزت و احترام کے ساتھ خدمت کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت مندوں کی خدمت اخلاص کے ساتھ ہونی چاہیے، دکھاوے کے ساتھ نہیں۔ ہزاروں گھرانے ایسے ہیں جو مانگ نہیں سکتے لیکن خاموشی سے مدد کے منتظر ہیں۔ ان تک عزت اور احترام کے ساتھ مدد پہنچانا ہمارا فرض ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے حالیہ دنوں میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں سوات، بونیر، صوابی کے اپنے دوروں کا ذکر کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں کی حالت زار پر تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ ہمیں مشکل کی اس گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑا ہونا ہوگا۔ تقریب کا اختتام نبی کریم ﷺ کی شان میں درود و سلام کی عقیدت بھری محفل اور پاکستان کی سلامتی، امن و خوشحالی اور بی آئی ایس پی کی ترقی و کامیابی کے لیے اجتماعی دعا پر ہوا۔

بقیہ 5

سیکشن (3)33 کے تحت متعلقہ تھانے میں ایف آئی آر کے اندراج کیلئے درخواست جمع کرا دی ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ مذکورہ کمپنی کے ذمہ ابھی بھی ایک کروڑ تینتالیس لاکھ چوبیس ہزار دو سو پچاسی روپے واجب الادا ہیں، جن کی ادائیگی کے لئے پیمرا نے متعلقہ کمپنی کو متعدد مواقع فراہم کیے اور متعلقہ کمپنی کو پوسٹ ڈیٹڈ چیک جمع کرانے کی رعایت بھی دی مگر اس کے باوجود متعلقہ کمپنی کی جانب سے جمع شدہ چیکوں جن پر درج کل رقم چالیس لاکھ روپے ہے، کی ادائیگی سے قاصر رہی۔ لہٰذا پیمرا نے پاکستان پینل کوڈ 1860 کے سیکشن 489-ایف کے تحت کارروائی کیلئے پولیس کو درخواست دے دی ہے۔

بقیہ 6

پر مشتمل ہے۔ کنگ سلمان ایڈ اینڈ ریلیف سینٹر کی طرف سے سیلاب متاثرین کو خیمے، سولر پینلز، ایل ای ڈی، کچن سیٹ، کمبل اور دیگر اشیاء کا تحفہ شامل ہیں۔ قصور، جھنگ، خانیوال، حافظ آباد، چنیوٹ، ملتان اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کے سیلاب متاثرین کو امدادی سامان دیا جائے گا۔ کنگ سلمان ایڈ اینڈ ریلیف سینٹر کی طرف سے پنجاب میں سیلاب متاثرین کے لیے امدادی قافلہ روانہ کر دیئے گئے۔ شیلٹر کٹ میں خیمہ، سولر پینل، ایل ای ڈی لائٹس، دو تھرمل کمبل، پلاسٹک میٹ، پائیدار کچن سیٹ، واٹر کولر اور اینٹی بیکٹیریل صابن شامل ہے۔ 95 کلوگرام فوڈ پیکج میں آٹا، چینی، دال چنا اور کوکنگ آئل بھی شامل ہے۔ امدادی سامان پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی پنجاب اور کنگ سلمان ریلیف اور حیات فاؤنڈیشن کے اشتراک سے تقسیم کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سیلاب زدگان کے لئے امدادی سامان سعودی عرب کی پاکستان کے ساتھ اخوت اور بھائی چارے تسلسل کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی تعلقات، سیلاب متاثرین کی امداد، اقتصادی تعاون اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی قیادت امت مسلمہ کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ سعودی قیادت کا وژن، ہمدردی اور بصیرت مسلم امہ کو وحدت اور ترقی کی طرف لے جا رہی ہے۔ پنجاب میں شدید سیلاب کے دوران سعودی عرب کی بروقت امداد حقیقی بھائی چارے کی علامت ہے۔

بقیہ 7

لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے لاہور میں ملاقات کی اس موقع پر قونصل جنرل مہران موحد فر بھی موجود تھے۔ نواز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا معزز ایرانی سفیر اور قونصل جنرل کا پرتپاک و پرخلوص خیر مقدم کیا جبکہ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، خطے کی صورتحال، توانائی اور تجارت کے فروغ پر تبادلہ خیال اور پاک ایران تعلقات کو بلندیوں کے نئے افق تک لے جانے پر اتفاق کیا گیا۔ شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے نواز شریف نے کہا کہ ایران کے صدر کی پاکستان آمد پر لاہور میں خیر مقدم کرنا خوشگوار تجربہ تھا، ایرانی صدر دوراندیش، معتبر اور دانا شخصیت کے مالک ہیں۔ نواز شریف نے کہا کہ ایران کے ساتھ تعلقات کو بہتری کی اعلیٰ ترین سطح تک لیکر جانا چاہتے ہیں، اسرائیل کیخلاف جنگ کے دوران ہماری دعائیں اور ہمدردیاں ایران کے ساتھ تھیں، اسرائیل کے خلاف جنگ جیتنے پر ایرانی بھائیوں کو گلے لگا کر مبارکباد دیتے ہیں۔ مسلم لیگ ن کے صدر نے کہا کہ ایرانی صدر رفسنجانی کے دور میں ایران کا پہلا دورہ کیا اور تعلقات قائم کیے، ایران کے رہبر اعلیٰ کی شخصیت متاثر کن ہے۔

بقیہ 8

یوم بحریہ پر پاک بحریہ کے جوانوں، افسران اور اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی نے ہمیشہ قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے، یہ ملک کی آبی سرحدوں اور آبی مفادات کے تحفظ کا اعادہ کرنے کا دن ہے۔ شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاک بحریہ کی تاریخ بہادری کی داستانوں سے بھرپور ہے، 1965ء کی جنگ میں آپریشن سومنات ایک یادگار حیثیت رکھتا ہے۔ اُن کا کہنا ہے کہ پاک بحریہ نے بھارتی ساحلی شہر دوارکا پر حملہ کر کے مواصلاتی نظام تباہ کیا، اس تاریخی معرکے کی فتح آج بھی جوانوں کے دفاع وطن کا جذبہ تازہ کرتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی آبی سرحدوں کی حفاظت پاک بحریہ کی مستعد نگرانی میں ہے، بحیرہ عرب میں طاقت کا توازن قائم رکھنے میں پاک بحریہ کا کلیدی کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق میں پاک بحریہ نے کامیابی سے اپنی تیاری اور عزم کا عملی ثبوت دیا، پاک بحریہ ملک کی محافظ اور ہمارے تابناک مستقبل کی معمار ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاک بحریہ بلیو اکانومی، بندرگاہوں کی تعمیر و ترقی میں بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ یوم بحریہ پر ہم پاک بحریہ کے ماضی اور موجودہ ہیروز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ اُن کا کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ پاک بحریہ، مسلح افواج اور پاک وطن کو ترقی، خوش حالی اور کامیابی سے ہم کنار کریں، پاک بحریہ زندہ باد، پاکستان پائندہ باد۔

بقیہ 9

جانبازوں کو سلام پیش کرتے ہوئے وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ 8 ستمبر پاک بحریہ کے بہادر سپوتوں کے عظیم قربانیوں اور بے مثال کارناموں کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے۔ آج کے دن پاک بحریہ نے سمندری سرحدوں کا دفاع کر کے تاریخ رقم کی، بحری محاذ پر جرات و قربانی کا نیا باب رقم کرنے والے جانباز قوم کے ہیرو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن بہادری، پیشہ ورانہ مہارت اور فرض شناسی کی تابندہ علامت ہے، 1965 کی جنگ میں پاک بحریہ نے دشمن کے غرور کو پانی میں غرق کر کے سمندری محاذ پر بھی برتری ثابت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ جنگ ستمبر میں ''آپریشن دوارکا'' بحری تاریخ کا درخشندہ باب ہے۔

بقیہ 10

منصوبے کے ذریعے اسمارٹ ٹریفک، فضائی معیار، کچرا اور ٹرانسپورٹ مینجمنٹ کو ممکن بنایا جائے گا۔ وزارت آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام نے اسمارٹ اسلام آباد اقدام کے تحت منصوبہ شروع کرنے کا اعلان کیا ہے، سرکاری دستاویز کے مطابق پائلٹ منصوبے کے تحت حکومتی سطح پر فیوژن سینٹر قائم ہوگا جہاں شہریوں کو تمام سروسز فراہم کی جائیں گی۔ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر میں اسلام آباد کے تمام متعلقہ محکموں کے افسران موجود ہوں گے، منصوبے کے ذریعے اسمارٹ ٹریفک، فضائی معیار، کچرا اور ٹرانسپورٹ مینجمنٹ کو ممکن بنایا جائے گا۔ منصوبے کے تحت مزید اسمارٹ ڈیوائسز اور سینسرز نصب کیے جائیں گے، شہری سہولتوں کیلئے ریئل ٹائم ڈیٹا سسٹم کو مزید مؤثر بنایا جائے گا، فیوژن سینٹر میں ریئل ٹائم ڈیٹا اینگریشن اور کمانڈ پلیٹ فارم قائم ہوگا۔ دستاویز کے مطابق منصوبے کی مجموعی لاگت 70 کروڑ 83 لاکھ 85 ہزار روپے مقرر کی گئی ہے، پلاننگ ڈویژن نے منصوبے کے لیے 25 کروڑ روپے کی منظوری دے دی ہے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر قائم کیا جائے گا، نظام چلانے کے لیے ضروری سافٹ ویئر اور عملہ تعینات کیا جائے گا، منصوبے کا مقصد ایک آئی ٹی پلیٹ فارم اور نیشنل ریپلیکیشن بلیو پرنٹ تیار کرنا ہے۔

بقیہ 11

رولز کا طریقہ کار قانونی نہیں، ہمارے خط کو فل کورٹ میٹنگ منٹس کا حصہ بنایا جائے، شریک نہیں ہو سکتے۔ ججز کے مشترکہ خط کے متن کے مطابق ہمیں فل کورٹ میٹنگ کا خط موصول ہوا، رولز منظوری کے لیے بھی فل کورٹ کے سامنے نہیں رکھے گئے، فل کورٹ کے لیے ایک نکاتی ایجنڈا ہی رکھا گیا۔ خط میں کہا گیا کہ ایجنڈے میں نئے رولز سے پیدا مشکلات کے خاتمے کا ذکر ہے، بنیادی اعتراض دور ہونے تک اس میٹنگ میں شرکت کا فائدہ نہیں۔ سرکولیشن سے رولز کی منظوری لی گئی، سرکولیشن روزمرہ کے عمومی معاملات کی حد تک ایک سہولت ہوتی ہے، رولز 9 اگست کو پہلے ہی نوٹیفائی ہو چکے۔ مشترکہ خط کے متن کے مطابق اس موقع پر فل کورٹ بلانا ''پرنگ'' ہے، فل کورٹ میٹنگ منٹس کو پبلک بھی کیا جائے، ہماری رائے میں رولز غیر قانونیت کا شکار ہو چکے ہیں۔

بقیہ 12

کشمیری نوجوانوں کو شہید کر دیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فوج، پیراملٹری سینٹرل ریزرو پولیس فورس اور پولیس کے اسپیشل آپریشن گروپ نے نوجوانوں کو ضلع کے علاقے گوڈر میں محاصرے اور تلاشی کی ایک مشترکہ کارروائی کے دوران شہید کیا۔ آپریشن کے دوران ایک جونیئر کمیشنڈ آفیسر سمیت دو بھارتی فوجی ہلاک اور دو زخمی ہو گئے۔ مقامی لوگوں نے اس واقعہ کو ایک جعلی مقابلہ قرار دیا۔ بھارت کے بدنام زمانہ تحقیقاتی ادارے این آئی اے نے بارہمولہ، کولگام، اسلام آباد، گاندربل اور پلوامہ اضلاع میں متعدد مقامات پر چھاپے مارے، جس سے لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ این آئی اے کے اہلکاروں نے بھارتی پیراملٹری سینٹرل ریزرو پولیس فورس اور پولیس کے ساتھ ملکر کم از کم ایک درجن مقامات پر چھاپے مارے۔ قابض حکام نے کشمیری مسلمانوں کے خلاف جاری ظالمانہ کارروائیوں کے دوران سرینگر میں درگاہ حضرت بل پر اشوک چکر والی تختی نصب کرنے کے توہین آمیز اقدام کے خلاف احتجاج کرنے پر 50 سے زائد افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ درگاہ میں پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفیٰ کے موئے مبارک موجود ہیں اور کشمیری مسلمانوں نے اس اقدام کو بی جے پی حکومت کی جانب سے مقبوضہ علاقے میں اسلامی تاریخی مقامات پر قبضے کا جواز پیدا کرنے کی دانستہ کوشش قرار دیا۔ گرفتار کئے گئے زیادہ تر افراد کے خلاف کالے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ دریں اثنا ضلع بارہمولہ کے علاقے اوڑی کے رہائشیوں نے ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے اجرا میں دانستہ تاخیر کی مذمت کرتے ہوئے اسے کشمیریوں کو ہراساں کرنے اور انہیں روزگار کے مواقع سے محروم کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ خواندگی کے عالمی دن کے موقع پر کشمیر میڈیا سروس کی طرف سے جاری کردہ ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں بڑی تعداد میں بھارتی فوجیوں کی موجودگی، محاصرے اور تلاشی کی مسلسل کارروائیوں، چھاپوں اور گرفتاریوں کی وجہ سے تعلیم بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق بی جے پی حکومت کی جانب سے فلاح عام ٹرسٹ کے زیر انتظام اسکولوں پر پابندی سے ہزاروں طلبا معیاری تعلیم سے محروم ہو گئے ہیں جبکہ کشمیری بچوں کو ہندوتوا کے گیت گانے پر مجبور کرنے سمیت ہندوتوا پر مبنی پالیسیوں سے پوری نسل کی تعلیمی مستقبل تباہ ہو رہا ہے۔

بقیہ 13

فوری جواب طلب کر لیا گیا ہے۔

بقیہ 14

بھی پرامید ہیں۔ جاری کردہ اعلامیے کے مطابق امریکی کمپنیوں نے پاکستان میں کان کنی اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ امریکی وفد کو پاکستان میں تانبے، سونے اور دیگر معدنیات کی ذخائر کے بارے میں بریفنگ دی گئی اور اس موقع پر دو اہم ایم او یوز پر دستخط کیے گئے، معدنیات اور لاجسٹکس کے شعبوں میں تعاون پر اتفاق ہوا۔ فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن (ایف ڈبلیو او) اور ایک امریکی کمپنی کے درمیان کریٹیکل منرلز سے متعلق ایک تاریخی معاہدہ طے پایا، جس کے ابتدائی مرحلے میں 50 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق، پاکستان سے اینٹیمونی، تانبا، سونا اور ٹنگسٹن برآمد کیا جائے گا جبکہ امریکی کمپنی پاکستان میں ایک جدید پولی میٹالک ریفائنری قائم کرے گی۔ اس معاہدے سے روزگار کے مواقع، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور پائیدار ترقی کا ضامن قرار دیا گیا ہے۔ اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا کہ این ایل سی اور ایک دوسری امریکی کمپنی کے درمیان لاجسٹکس اور تعمیرات کے شعبے میں ایم او یو اور امریکی کمپنی پاکستان میں طویل المدتی شراکت داری کی خواہش مند ہے۔ وفد کا یہ دورہ اور ہونے والے معاہدے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی ایک نئی مثال کے طور پر سامنے آئے ہیں۔

بقیہ 15

نے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کی باہمی قربت بڑھانے کا یہ بہترین وقت ہے۔ بنگلہ دیش اپنے عوام کی معاشی ترقی کے حوالے سے تیزی سے ابھر کر سامنے آیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بنگلہ دیش کی گارمنٹس، مائیکروفنانس اور خواتین کی شمولیت میں کامیابیوں کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بنگلہ دیش کے وزیر برائے مذہبی امور سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کا رشتہ سرحدوں سے بالاتر نسل در نسل بھائی چارے پر مشتمل ہے۔ تجارت اور براہ راست رابطے پاکستان اور بنگلہ دیش کے عوامی تعلقات کو مزید تقویت بخشیں گے۔ پنجاب بنگلہ دیش کے ساتھ گرین انرجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کا خواہاں ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب اور بنگلہ دیش کے مابین فلڈ مینجمنٹ اور زرعی پائیداری میں بھی شراکت داری کا خیر مقدم کریں گے۔ خطے میں امن، خوشحالی کے لئے پاک بنگلہ دوستی کو دیرپا شراکت داری میں بدلیں گے۔ بنگلہ دیش کے وزیر برائے مذہبی امور ڈاکٹر خالد حسین نے کہا کہ پاکستان کے عوام کی خاطر محمد نواز شریف اور انکے خاندان کی خدمات کو سنہرے حروف میں لکھا جائے گا۔ بنگلہ دیش ہر سطح پر پاکستان کے ساتھ تعلقات میں بہتری کا خواہاں ہے۔

بقیہ 16

کیوسک ریکارڈ کیا گیا جبکہ دریائے چناب میں ہیڈ تریموں پر بہاؤ 5 لاکھ 43 ہزار کیوسک ہے۔ حکام کے مطابق دریائے چناب میں پانی کے بہاؤ میں اضافے کے باعث جلال پور پیروالا میں مقامی بند میں شگاف پڑ گیا جس سے درجنوں بستیاں زیر آب آ گئی ہیں، مکین گھروں کی چھت پر پناہ لینے پر مجبور ہو گئے، جلال پور پیروالا میں موضع شاہ رسول اور بیٹ واہی کے زمیندارہ بند ٹوٹ گئے، بہادر پور کے علاقے میں پانی گھروں میں داخل ہو گیا۔ شجاع آباد اور جلال پور پیروالہ میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی، جلالپور پیروالا شہر کو خالی کرنے کا بھی حکم دے دیا گیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ انتظامیہ اب شہری بند کو بچانے میں مصروف ہے کیونکہ دریائے چناب کا پانی شہر کے قریب بنائے جانے والے بند کو کسی بھی وقت توڑ سکتا ہے، لوگوں اور ریسکیو کرنے کے لیے 5 ڈرون اور مزید 50 کشتیاں منگوالیں۔ اکبر فلڈ بند پر بھی پانی کی سطح آہستہ آہستہ بڑھنے لگی جہاں پانی کا لیول 412 اعشاریہ 3 فٹ پر پہنچ گیا۔ جھنگ میں دریائے چناب میں آنیوالے دوسرے ریلے سے 300 سے زائد دیہات سیلاب کی زد میں ہیں، 2 لاکھ 81 ہزار ایکڑ پر کھڑی فصلیں تباہ ہو گئیں۔ مظفر گڑھ کے علاقے عظمت پور میں بند ٹوٹنے سے کئی بستیاں زیر آب آ گئیں، اسسٹنٹ کمشنر کے مطابق 7 ہزار سے زیادہ افراد کو نقل مکانی پر مجبور ہونا پڑا۔ ادھر بہاولپور میں دریائے ستلج میں اونچے درجے کا سیلاب ہے، سیلاب ناردرن بائی پاس کے قریب پہنچ کر بستیوں میں داخل ہو گیا۔ دریائے ستلج میں پانی کا بہاؤ 3 لاکھ 19 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا جبکہ ہیڈ سلیمانکی پر اونچے اور ہیڈ اسلام پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے۔ دریائے راوی میں ہیڈ بلوکی پر بہاؤ ایک لاکھ 39 ہزار جبکہ ہیڈ سدھنائی پر بہاؤ بڑھ کر ایک لاکھ 23 ہزار کیوسک ہو گیا۔ پنجاب کے بعد سیلابی ریلے سندھ پہنچنا شروع ہو گئے، گڈو بیراج پر پانی کی آمد میں اضافے سے درمیانے درجے کا سیلاب ہے، جہاں پانی کا بہاؤ 4 لاکھ کیوسک سے تجاوز کر گیا۔ راجن پور دریائے سندھ میں سیلاب کے باعث کچے کے علاقوں میں پانی کا بہاؤ تیز ہو رہا ہے، متاثرین کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 17

کا دورہ کیا اور بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے اہم ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے سینئر ٹریفک آفیسر منیر احمد ہاشمی کو ہدایت دی کہ سکول اور چھٹی کے اوقات میں ٹریفک کو رواں رکھنے کے لیے اضافی اہلکار تعینات کیے جائیں۔ پارکنگ کے مسائل ختم کرنے کے لیے لفٹرز کو الرٹ رکھا جائے اور رش کے اوقات میں سگنل کو مینول طریقے سے چلایا جائے۔ چیف ٹریفک آفیسر نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ٹریفک نظام کی بہتری میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 18

نشاندہی کر کے اضافی اہلکار تعینات کیے جائیں اور ون وے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس اپناتے ہوئے نہ صرف چالان کیا جائے بلکہ لائسنس بھی معطل کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ چند لمحوں کی جلدی کے باعث شہری اپنی اور دوسروں کی جان خطرے میں ڈالتے ہیں، جو حادثات اور ٹریفک جام کی بڑی وجہ ہے۔ ایجوکیشن ونگ کو بھی آگاہی مہم تیز کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔

بقیہ 19

ہوئے ڈی پی او چکوال لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین نے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں شہریوں نے اپنے مسائل پیش کیے جنہیں موقع پر ہی حل کرنے کے احکامات جاری کیے گئے۔ ڈی پی او نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کے مسائل کو حل کرنا ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفتر کے دروازے ہر خاص و عام کے لیے بلاتفریق کھلے ہیں اور شہریوں کو ضابطہ پولیس کے تحت فوری ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 20

ملتان کے سیلاب متاثرین کے انخلاء کی براہ راست مانیٹرنگ کی اور متاثرہ تحصیل جلالپور سے انخلا آپریشن کی ورچوئل نگرانی کرتی رہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سیلابی صورتحال کی لحہ بہ لحہ رپورٹ لیتی رہیں اور ریسکیو آپریشن کی مانیٹرنگ کرتی رہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر کمشنر، آر پی او اور دیگر حکام موقع پر موجود تھے اور انخلا آپریشن کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جلالپور پیروالا میں پی ڈی ایم اے، ریسکیو 1122 اور ضلعی انتظامیہ موقع پر موجود ہیں۔ جلالپور پیروالا میں پی ڈی ایم اے، ریسکیو 1122 اور ضلعی انتظامیہ صورتحال کو سنبھالنے کے لیے سرگرم عمل ہیں۔ اب تک تقریباً 2,000 افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جا چکا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جلالپور پیروالا، ملتان میں ریسکیو آپریشن جاری رہے گا۔ بروقت ردعمل اور جانی نقصان سے بچاؤ کے لئے صورتحال اور جاری آپریشن کو تھرمل امیجنگ ڈرونز کے ذریعے باریک بینی سے مانیٹر کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 21

زراعت، توانائی، آئی ٹی، منرلز اور سی پیک ٹو پر فوکس ہے۔ آئی ایف سی کی سالانہ دو ارب ڈالر کی کمٹمنٹ اور عالمی بینک کا 20 ارب ڈالر کا پروگرام بھی ہے۔ این ڈبلیو ٹی این، چیری آٹو، وافی پیٹرولیم، بیریک گولڈ اور دیگر کمپنیوں کی شمولیت بھی ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ چیلنجز موجود مگر صرف مایوس کن تصویر دکھانا حقیقت کے منافی ہے، اصلاحات کے بعد معیشت مستحکم ہوئی، پبلک فنانس اور بیرونی کھاتوں میں بہتری آئی ہے۔

بقیہ 22

صحت کی دیکھ بھال کے مربوط پروگرام کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ سیلاب متاثرین کو علاج معالجہ کی بہترین سہولتیں دی جا رہی ہیں۔ سیلاب متاثرہ علاقوں میں 968 کلینک آن ویل اور میڈیکل ریلیف کیمپ قائم کر دیئے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر خواتین اور بچوں کے علاج معالجہ کے لئے خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں۔ حاملہ خواتین کے چیک اپ کے لئے ڈاکٹرز اور عملہ موجود ہیں۔ خواتین کے لئے ملٹی وٹامن، سینٹری کٹس اور دیگر ضروری سامان ہر فلڈ کیمپ میں دستیاب ہے۔ حاملہ خواتین کو بروقت مریم نواز ہیلتھ کلینک یا ہسپتالوں میں پہنچانے کے لئے ہمہ وقت رورل ایمبولینس سروس بھی میسر کی گئی ہے۔

بقیہ 23

شہباز شریف کو 12 ستمبر کو جرح کے لیے طلب کر لیا۔ لاہور کی مقامی عدالت میں وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے بانی پی ٹی آئی کے خلاف 10 ارب روپے ہتک عزت کے دعوے پر سماعت ہوئی۔ ایڈیشنل سیشن جج یلماز غنی نے وزیراعظم کی درخواست پر سماعت کی، عدالت نے وزیراعظم شہباز شریف کو ویڈیو لنک پر جرح کے لیے 12 ستمبر کو طلب کر لیا۔ دوران سماعت عمران خان کے وکیل کی عدم دستیابی کے باعث کیس میں کوئی پیشرفت نہ ہو سکی۔ ایڈیشنل سیشن جج یلماز غنی نے ریمارکس دیے کہ آئندہ سماعت پر فریقین وکلاء 10 بجے عدالت پیش ہوں۔ واضح رہے کہ عمران خان نے اپریل 2017ء میں الزام لگایا تھا کہ شہباز شریف نے پاناما لیکس کے معاملے پر چپ رہنے اور موقف سے پیچھے ہٹنے کے لیے انہیں 10 ارب روپے کی پیشکش کی تھی۔ 10 ارب روپے کی پیشکش کے اس الزام پر جولائی 2017ء میں ہتک عزت کا دعویٰ دائر کرتے ہوئے اس وقت کے وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے عمران خان کے خلاف 10 ارب روپے ہرجانے کا کیس دائر کیا تھا۔ بعدازاں جون 2020ء میں شہباز شریف نے اپنے وکیل مصطفیٰ رمدے کی وساطت سے عمران خان کے خلاف ہتک عزت کے دعوے کی جلد سماعت کی متفرق درخواست دائر کی تھی۔ درخواست میں شہباز شریف نے موقف اختیار کیا تھا کہ ہتک عزت کا دعویٰ 3 سال سے زیرالتواء ہے، عدالت سے استدعا کی گئی تھی کہ دعویٰ کی جلد سماعت کی درخواست منظور کی جائے اور روزانہ کی بنیاد پر درخواست پر سماعت کی جائے۔

بقیہ 24

ہاتھاپائی اور گالم گلوچ کی، صحافیوں نے پی ٹی آئی کارکنان کے رویے کے خلاف علیمہ خان کی میڈیا ٹاک کا بائیکاٹ کر دیا۔ صحافیوں کی جانب سے بائیکاٹ کرنے پر پی ٹی آئی کارکنوں نے صحافی پر مزید تشدد کیا اور دیگر صحافیوں کو دھکے بھی دیے۔

بقیہ 25

پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے اہداف اس پارلیمانی رابطہ کاری سے منسلک ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ آئی پی سی مکالمے کے ذریعے تنازعات کے حل اور عالمی امن کے فروغ کا مؤثر پلیٹ فارم ہے، خصوصاً اس وقت جب دنیا غربت اور ماحولیاتی تبدیلی جیسے بڑے مشترکہ چیلنجز سے دوچار ہے۔ چیئرمین سینیٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے کلیدی خطاب میں ڈپٹی وزیراعظم و قائد ایوان سینیٹر اسحاق ڈار، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، انٹر پارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس کے سیکرٹری جنرل ایک ناتھ ڈھاکل، پارلیمانی جماعتوں کے سربراہان، سفارتکاروں اور معزز مہمانوں کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ ان کی موجودگی پاکستان کے امن، تعاون اور عالمی یکجہتی کے عزم کی تجدید ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ 2008ء میں وزارت عظمیٰ کے دوران انہوں نے دیکھا کہ عالمی سطح پر امن اور ترقی کے ایجنڈے طے ہوتے ہیں لیکن ان کو عملی جامہ پہنانے والے ادارے یعنی پارلیمان ان اجلاسوں سے غیر حاضر تھے۔ یہی احساس ان کے دل میں ایک ایسے پلیٹ فارم کے قیام کی بنیاد بنا جہاں دنیا کے اسپیکرز مل کر عالمی مسائل کے حل میں کردار ادا کریں۔ انہوں نے ماحولیاتی تبدیلی کو سب سے بڑا عالمی چیلنج قرار دیتے ہوئے کہا کہ حالیہ دنوں میں انہوں نے ملتان کے سیلاب متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا جہاں متاثرہ خاندانوں کی کہانیاں عالمی یکجہتی کی فوری ضرورت کا احساس دلاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی سرحدوں کی قائل نہیں۔ کوئی ایک حکومت تنہا اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ حکومتوں کو پارلیمان کی ضرورت ہے اور پارلیمان کو ایک دوسرے کی۔ چیئرمین سینیٹ نے پاکستان کی قانون سازی اور پارلیمانی سفارت کاری کے مختلف اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے "پاکستان۔افریقہ فرینڈشپ ڈے" منایا، وسط ایشیائی اور یورپی پارلیمانوں سے روابط بڑھائے اور سیول میں رواں سال منعقدہ آئی ایس سی اجلاس میں 45 سے زائد اسپیکرز نے شرکت کی۔

بقیہ 26

شہریوں کا مزید کہنا تھا منشیات کا نشہ معاشرے کا ایسا ناسور ہے جو تیزی سے پھیل رہا ہے۔ اور نوجوان نسل بے راہ روی کا شکار ہو رہی ہے اور کئی معاشرتی برائیاں اس قبیح دھندے کی وجہ سے جنم لی رہی ہیں۔ ہم اے ایس پی کے مثبت کردار کو سراہتے ہیں۔ اور ایسے عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رہنی چاہیں اور جو لوگ انکی پشت پناہی کرتے ہیں انکے خلاف بھی ایکشن ہونا چاہیے۔ کیونکہ نشے کی وجہ سے کئی گھر برباد ہو چکے ہیں۔

بقیہ 27

کو دھکے بھی دیئے جس پر صحافیوں نے علیمہ خان کی میڈیا ٹاک کا بائیکاٹ کر دیا، بائیکاٹ صحافیوں پر پی ٹی آئی کارکنوں کے تشدد کی وجہ سے کیا گیا۔

بقیہ 28

نے لاہور ہائی کورٹ کا فیصلہ چیلنج نہیں کیا، اسلام آباد ہائی کورٹ میں دونوں سیکشنز کا فیصلہ ہو چکا ہے، 2022ء میں 89 درخواست گزاروں نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواستیں دائر کی تھیں۔ ایف بی آر کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے میں اکثریت نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواستیں دائر کی تھیں۔ جسٹس محمد علی نے استفسار کیا کہ تمام عدالتی فیصلوں میں یکساں کیا ہے؟ عدالت نے حکم دیتے ہوئے کہا کہ تمام عدالتی فیصلوں کا مختصر خلاصہ جمع کرا دیں۔ بعد ازاں عدالت نے سپر ٹیکس کیس کی سماعت کل صبح ساڑھے 9 بجے تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 29

کا حصہ ہے۔ جس پر حال ہی میں بیجنگ میں دستخط کیے گئے۔ ویلتھ پاکستان کو دستیاب منصوبے کی تفصیلات کے مطابق شہری ہوابازی کو عوامی سطح پر روابط کے وسیع تر فریم ورک کے تحت تعاون کا ایک اہم شعبہ قرار دیا گیا ہے۔ دستاویز کے مطابق دونوں ممالک شہری ہوابازی میں تعاون کو مضبوط بنائیں گے جس کے تحت نئے ایئر لائنز روٹس کے آغاز اور موجودہ پروازوں کی تعداد بڑھانے میں معاونت فراہم کی جائے گی۔ یہ اقدام کاروباری برادری، طلبہ، سیاحوں اور پیشہ ور افراد کے لئے دونوں ممالک کے درمیان سفر کو مزید آسان بنانے کے لئے ترتیب دیا گیا ہے۔

بقیہ 30

محسوس کی، اندرونی آڈٹ بھی کروایا، ایک دن میں رولز نہیں بن سکتے۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں سپریم کورٹ میں سالانہ چھٹیوں کے بعد نئے عدالتی سال کے موقع پر جوڈیشل کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں سپریم کورٹ اور ہائیکورٹس کے ججز کے ساتھ ساتھ اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان، پاکستان بار کونسل اور سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے شرکت کی۔ سپریم کورٹ میں جوڈیشل کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے کہا کہ نئے عدالتی سال کی اس تقریب کا آغاز 1970 کی دہائی میں ہوا جب کہ 2004 سے اس تقریب کو باقاعدگی سے منانا شروع کیا گیا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہمیشہ قانون کی بالادستی کے لیے کام کیا، عدالتی نظام میں شفافیت اور آسانیوں سے سائلین کو انصاف ملے گا، ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے عدالتی نظام کو مؤثر بنایا جا رہا ہے، مقدمات کو جلد نمٹانا ترجیح ہونی چاہیے، یہ موقع ہوتا ہے کہ ہم سب اپنی کارکردگی پر نگاہ ڈالیں، عہدہ سنبھالنے کے بعد اصلاحات کی ضرورت محسوس کی، ہم نے 5 بنیادوں پر اصلاحات شروع کیں۔

بقیہ 31

بل نکلے۔ انویسٹی گیشن ٹیم نے بجلی کے بلوں سے ایس ڈی او سے رابطہ کیا جس پر پولیس ٹیم مطلوبہ گھر تک پہنچی اور مارگریٹ نامی خاتون کے لاپتا ہونے کا علم ہوا۔ پولیس ٹیم نے خاتون کے دو بیٹوں شفیق جیمس اور نبیل جیمس سے پوچھ گچھ کی اور دوران تحقیقات دونوں بیٹوں نے والدہ کو پیسے نہ دینے پر قتل کرنے کا اعتراف کیا۔ ملزمان نے والدہ کی لاش رکشے میں ڈال کر فصلوں کے قریب پھینکی، مقتولہ لوگوں کے گھروں میں کام کاج کرتی تھی اور 50 ہزار روپے جمع کر رکھے تھے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزمان آئس کے نشے کے عادی تھے اور والدہ سے نشے کے لیے پیسے مانگتے تھے، والدہ نے پیسے دینے سے انکار کیا جس پر طیش میں آ کر دونوں سگے بیٹوں نے والدہ کو قتل کیا۔

بقیہ 32

عمل پنجاب اسمبلی کی نئی عمارت میں ہوگا، پنجاب اسمبلی میں ارکان کی مجموعی تعداد 363 ہے۔ سینیٹ الیکشن میں جیت کے لیے امیدوار کو 180 ووٹ درکار ہوں گے۔ رانا ثنا اللہ کو 263 ووٹوں کی حمایت حاصل ہے جبکہ اپوزیشن سے سلمیٰ اعجاز کو 100 ووٹوں کی حمایت حاصل ہے۔ تاہم ڈپٹی اپوزیشن لیڈر معین قریشی نے کہا کہ اپوزیشن نے ضمنی انتخابات کا بائیکاٹ کر رکھا ہے، اپوزیشن ووٹ کاسٹ نہیں کرے گی۔ ہدایات جاری کر چکا ہوں کہ آج (منگل) اپوزیشن کا کوئی رکن اگر اسمبلی گیا تو پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوگا، کاغذات نامزدگی وقت ختم ہونے کے باعث واپس نہیں لے سکے۔ واضح رہے کہ سینٹ کی نشست اعجاز چوہدری کو 9 مئی کیسز میں سزا کے باعث خالی ہوئی تھی۔

بقیہ 33

کہ ملزمان کے ساتھیوں نے انہیں چھڑانے کے لئے فائرنگ کر دی، جوابی فائرنگ میں ملزمان ہلاک ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ ہلاک ملزمان کی لاشوں کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 34

جو ہر سلیم و اہم شخصیات شریک ہوئے۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سابق سیکرٹری خارجہ اعزاز چوہدری نے کہا کہ پاک بھارت تعلقات امن و کشیدگی کے درمیان جھولتے رہے، کشمیر تنازع دونوں ممالک کے درمیان سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عمل درآمد سے انکار کیا اور 2019 میں مقبوضہ کشمیر کی ریاستی حیثیت ختم کی۔ مقبوضہ کشمیر دنیا کا سب سے زیادہ عسکری علاقہ بن چکا ہے، جہاں آبادیاتی اور انتخابی انجینئرنگ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کا سب سے زیادہ شکار ہوا، بھارت مسلسل الزامات عائد کرتا رہا ہے جبکہ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کی سرپرستی اور ٹارگٹ کلنگ میں ملوث رہا ہے۔ سابق سیکرٹری خارجہ نے کہا کہ پاک بھارت تعلقات میں حالیہ برسوں میں بڑھتی دشمنی اور سردمہری نمایاں ہے، باہمی احترام کی بنیاد پر دونوں ممالک میں امن کے خواہاں افراد اب بھی موجود ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ یہ کتاب تعلقات کی پیچیدگیوں، مکالمے و تعطل کے درمیان جھولتی تاریخ واضح کرتی ہے۔ اس موقع پر ترجمان ایوان صدر مرتضیٰ سولنگی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشیدگی، بداعتمادی اور پراکسی جنگوں نے پُرامن مستقبل کے امکانات ختم کر دیے۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ امید اور مایوسی کے اتار چڑھاؤ نے خطے کو غیر مستحکم کر رکھا ہے۔ پاکستان اور بھارت کا پُرامن مستقبل صرف باہمی احترام کے فریم ورک میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا پیغام بھارت کیلئے ہے کہ تکبر بھارت کی مدد نہیں کرے گا، اصل راستہ عاجزی اور انکساری ہے۔

بقیہ 35

کی رہائش اور خوراک کے لیے صوبے بھر میں 390 ریلیف کیمپس قائم کیے گئے ہیں جہاں 16 ہزار 218 افراد مقیم ہیں اور انہیں کھانے پینے سمیت دیگر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ سیلابی صورتحال سے سب سے زیادہ نقصان دریائے چناب کے کنارے والے علاقوں میں ہوا ہے جہاں 1578 مواضع متاثر ہوئے اور 16 لاکھ 58 ہزار سے زائد افراد مشکلات سے دوچار ہوئے۔ یہاں سے 3 لاکھ 67 ہزار 742 افراد کا انخلاء کیا گیا جبکہ 2 لاکھ 74 ہزار 713 مویشیوں کو بھی محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا، چناب کے متاثرہ علاقوں میں 151 ریلیف کیمپس قائم کیے گئے ہیں جن میں 4 ہزار 392 افراد کو پناہ دی گئی ہے۔ مزید برآں 155 میڈیکل کیمپس میں اب تک 8 ہزار 437 مریضوں کا علاج کیا جا چکا ہے، دریائے چناب میں سیلاب کی وجہ سے مختلف حادثات میں 36 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوئے ہیں۔ دریائے راوی کے کنارے 1033 مواضع متاثر ہوئے ہیں جہاں 3 لاکھ 66 ہزار سے زائد افراد مشکلات کا شکار ہیں، متاثرہ علاقوں سے اب تک 2 لاکھ 88 ہزار 111 افراد کا انخلا کیا جا چکا ہے۔

بقیہ 36

آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں دوطرفہ دفاعی اور سیکیورٹی تعاون کی اہمیت پر زور دیا گیا اور سمندری شعبے میں تعاون کو علاقائی امن و استحکام کیلئے ناگزیر قرار دیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یوائے ای کی بحریہ کے کمانڈر نے پاک افواج کے اعلیٰ پیشہ ورانہ معیار، کارہائے نمایاں اور دہشت گردی کیخلاف پاکستان کی قربانیوں کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق میجر جنرل حمید عبداللہ الرمیثی نے علاقائی امن و استحکام کیلئے جاری کوششوں کو بھی سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جوائنٹ اسٹاف ہیڈکوارٹرز آمد پر تینوں افواج کے دستے نے معزز مہمان کو گارڈ آف آنر پیش کیا۔

بقیہ 37

کر کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ علاقے کے مکینوں کے مطابق سیلاب نے نہ صرف گھروں کو متاثر کیا ہے بلکہ کھڑی فصلیں بھی تباہ کر ڈالی ہیں جس سے مقامی لوگوں کا روزگار بری طرح متاثر ہوا ہے۔ مال مویشی پانی میں بہہ گئے، گھریلو سامان ضائع ہو گیا اور غذائی قلت پیدا ہو گئی ہے۔ خواتین اور معصوم بچے بھوک پیاس سے نڈھال ہیں اور ریلیف کی فراہمی کے منتظر ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور مقامی ادارے محض دعوے اور بیانات تک محدود ہیں۔ اب تک متاثرہ علاقوں میں کوئی خاطر خواہ امداد نہیں پہنچی، نہ ہی عارضی کیمپس قائم کیے گئے ہیں۔ سیلاب متاثرین کے مطابق کئی دن گزرنے کے باوجود سرکاری مشینری خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ کئی خاندان اپنی مدد آپ کے تحت محفوظ مقامات تک پہنچنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ 38

نمائندے اور دیگر متعلقہ حکام پر اسرار خاموشی اختیار کیے بیٹھے ہیں۔ اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر گرجا روڈ کی مرمت و بحالی کی جائے ورنہ حالات مزید سنگین ہو جائیں گے۔ شہریوں نے واضح کیا ہے کہ حکام بالا بالخصوص گیس محکمے کی غفلت برداشت سے باہر ہو چکی ہے اور اگر عملی اقدامات نہ کیے گئے تو بڑے حادثات جنم لے سکتے ہیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 09 ستمبر 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس / اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 09 ستمبر 2025، صبح 07:00 بجے سے دن 12:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، سی بلاک، ڈھوک نجو، راجہ سلطان، عید گاہ، باغ سرداراں، خیابان سرسید، محمدی چوک، ڈھوک چوہدریاں، عسکری الیون فیڈرز، اٹک سرکل ، D-18، D-17، AWT-1، AWT-2، کیبنٹ، ایم پی سی ایچ بلاک-A، ایم پی سی ایچ بی- 7 1، گلشن صحت، ویلی، پنڈ پران، سنگجانی، سرائے خربوزہ، شاہ اللہ دتہ، پسوال فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

بقیہ 39

فل کورٹ اجلاس میں ججز سے مزید تجاویز مانگی گئی ہیں، تجاویز 4 رکنی کمیٹی کو بھیجی جائیں گی، کمیٹی کو تجاویز موصول ہونے کے بعد دوبارہ فل کورٹ اجلاس بلایا جائے گا۔

بقیہ 40

مظاہرے کا انعقاد کیا گیا احتجاج میں کووڈ ڈیلی ویجز ملازمین کے ساتھ ساتھ پیرامیڈیکل اسٹاف نے بھی شرکت کی اور متاثرہ ملازمین کے حق میں آواز بلند کی مظاہرین نے سول اسپتال کندھ کوٹ سے ڈپٹی کمشنر آفس تک احتجاجی ریلی نکالی جس دوران مظاہرین نے پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر برطرفی آرڈرز واپس لو اور ناانصافی بند کرو جیسے نعرے درج تھے ریلی کے شرکاء کا کہنا تھا کہ جن ملازمین نے کورونا جیسی جان لیوا وبا میں اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر عوام کی خدمت کی آج انہی ملازمین کو بغیر کسی وجہ کے فارغ کیا جا رہا ہے، جو سراسر ناانصافی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ سیکریٹری ہیلتھ اور دیگر اعلیٰ افسران کی غلط پالیسیاں اور بے حسی متاثرہ ملازمین کی حق تلفی کا سبب بن رہی ہیں مظاہرین نے حکومت سندھ اور محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ برطرف کیے گئے تمام ڈیلی ویجز ملازمین کو فوری بحال کیا جائے، اور غلط پالیسیوں کے ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی جائے ریلی پرامن انداز میں اختتام پذیر ہوئی، تاہم مظاہرین نے خبردار کیا کہ اگر ان کے مطالبات پورے نہ ہوئے تو احتجاج کا دائرہ وسیع کر دیا جائے گا۔

بقیہ 41

سہولیات میسر ہوں اور کاروبار میں بہتری آئے

بقیہ 42

لیا گیا۔ کینٹ بورڈ حکام کا کہنا ہے کہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لئے تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز آپریشن جاری رہے گا۔

بقیہ 43

نے کئی اعلانات کیے مگر زمینی حقیقت بالکل مختلف ہے سرکاری ڈپو پر آٹا تو دستیاب ہی نہیں یا پھر وہاں بھی رشوت اور سفارش کے بغیر عام آدمی کو ایک کلو بھی نہیں ملتا سبسڈی والا آٹا مارکیٹ تک نہیں پہنچ سکا ہے جس کی وجہ سے غریب طبقے کی زندگیاں مزید مشکلات میں گھر گئی ہیں غریب عورتوں اور مردوں کا کہنا ہے کہ پہلے ہی بے روزگاری، بجلی گیس کی مہنگائی اور سیلاب کی تباہ کاریوں نے گھروں کے چولہے بجھا دیے ہیں اب آٹے کا بحران ان کی بقا کا مسئلہ بن گیا ہے کئی مقامات پر لوگوں کو مارکیٹوں میں لمبی قطاریں لگا کر آٹا خریدنا پڑتا ہے لیکن پھر بھی خالی ہاتھ لوٹنے پر مجبور ہیں ماہرین کا کہنا ہے کہ آٹے کے بحران کی اصل وجہ انتظامی نااہلی اور سیاسی مصلحتیں ہیں فلور مل مالکان اور تاجروں کو کھلی چھوٹ دی گئی ہے جس کے باعث ذخیرہ اندوزی بڑھ رہی ہے اگر حکومت نے فوری اقدامات نہ کیے تو صورتحال سنگین ہو سکتی ہے اور غریب عوام کے لئے روٹی کا ایک نوالہ بھی خواب بن جائے گا

بقیہ 44

ممبران اور تاجر، وکلاء و صحافی برادری، اور دیگر مکاتب فکر کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور آقا دو جہاں ﷺ کے میلاد کے موقع پر منعقد کی گئی اس تقریب نے ایک اجتماع کی شکل اختیار کر لی۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا اور نعت رسول مقبول پڑھی گئیں اور ملک و قوم اور افواج پاکستان کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ احمد نواز کھوکھر اور انکے صاحبزادوں نے بڑے اچھے طریقے سے تقریب کو سٹیج کیا اور تمام آنے والے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر منتظمین تقریب کے روح رواں احمد نواز کھوکھر، نوشیروان احمد اور مہریار احمد، جواد حسن نے فرداً فرداً تمام مہمانوں کا جشن ولادت حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی محفل میں حاضری کا شرف بخشنے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا جبکہ آنے والے تمام مہمانان گرامی نے منتظمین کی جانب سے بہترین مینجمنٹ کو سراہتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 45

تک محدود نہیں بلکہ امن اور عالمی وقار کا ضامن بھی ہے۔ پاک بحریہ کے سپوت دشمن کے خواب چکنا چور کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ قوم کے ہر بچے کا دل بحری محافظوں کے لیے فخر سے لبریز ہے۔

بقیہ 46

کرام، مذہبی رہنما، شہر کی معزز شخصیات اور عاشقانِ رسول ﷺ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ محفل کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد نعت خواں حضرات حافظ ظفر سعیدی، محمد آصف حسین حسینی، عبدالمجید قادری اور دیگر نے بارگاہ سرور کائنات حضرت محمد ﷺ میں نذرانہ عقیدت پیش کیا اس موقع پر مفتی خالد حسین سکندی نے خطاب کیا، جبکہ خصوصی خطاب حضرت قبلہ پیر سید محمد شاہ کاظمی ملتان شریف والے نے فرمایا۔

بقیہ 47

پاک بحریہ کے حوصلے، عزم اور پاسبانی کی کہانی سناتی ہے۔

بقیہ 48

مددگار پولیس کشمور تھانہ کشمور کی حدود میں معمول کے مطابق گشت پر موجود تھی کہ خفیہ اطلاع ملی کہ بلوچستان کے شہر کوئٹہ سے کشمور کی طرف لاکھوں روپے مالیت کی 24 کلوگرام چرس اسمگل کی جا رہی ہے اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری ایکشن لیا اور اسنیپ چیکنگ کے دوران حرا اسکول 15 چوکی کے قریب گاڑی نمبر LC- 2928 کو روک کر تلاشی لی، جس کے نتیجے میں *گاڑی سے 24 کلوگرام چرس برآمد ہوئی کارروائی کے دوران گرفتار ملزمان کی شناخت 1 عنایت اللہ ولد قالو 2 ندیم علی ولد بشیر احمد 3 باغوان ولد علی خان کے ناموں سے ہوئی ملزمان کے خلاف تھانہ کشمور میں مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے

بقیہ 49

کہ 2015 میں پہلی بار اس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، 2015 میں اس کانفرنس میں 25 جامعات نے پارلیمنٹری سٹڈیز کو اپنے نصاب میں شامل کرنے کی یقین دہانی کرائی، قومی کانفرنس میں جامعات کے وائس چانسلرز، ریکٹرز، کالجز کے پرنسپلز اور فیکلٹی ممبران نے بھرپور شرکت کی۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ پارلیمان اور تعلیمی اداروں کے درمیان مضبوط روابط قومی ترقی کی ضمانت ہیں، قومی اسمبلی کا رکن بننے کے بعد آئین اور قواعد کا باریک بینی سے مطالعہ کیا، صرف دو یا تین بار آئین و قواعد پڑھنے سے پارلیمانی امور میں مہارت حاصل نہیں ہو سکتی، آئین و قانون کی تفہیم کے لیے عملی مشاہدہ اور تجربہ ضروری ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ 2015 میں قومی اسمبلی انٹرن شپ پروگرام کا آغاز کیا گیا تاکہ طلبہ کو قانون سازی اور پارلیمانی طریق کار سے روشناس کرایا جا سکے، ملک بھر سے تعلق رکھنے والے طلبہ نے اس انٹرن شپ پروگرام کو بھرپور سراہا۔

بقیہ 50

افسران اور عملہ کو فیلڈ میں رہنے کی ہدایت دی گئی۔ مدینہ سیداں کے حفاظتی بند میں شگاف سے سیلابی پانی کے نکاس میں تاخیر کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مدینہ سیداں میں جمع ہونے والا پانی سرکاری مشینری اور مقامی لوگوں کی مدد سے ہلسی ندی کی طرف موڑا جا رہا ہے۔ عملہ مقامی آبادی کی مدد سے شہر میں مزید پانی داخل ہونے سے بچانے کی کوشش کر رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی نگرانی میں پانی کے نکاس اور شہر کو خشک کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 51

میں ایکسی لینس مراکز قائم کیے جائیں گے۔ اس پالیسی کے تحت ملک میں ایک اے آئی فنڈ قائم کیا جائے گا، اس پر مشاورت کا عمل جاری ہے، پالیسی میں معاشرے کی پسماندہ کمیونٹی پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس پالیسی کے تحت 2030 تک 10 لاکھ افراد کو اے آئی کی تربیت دی جائے گی، 2027 تک 10 ہزار ٹرینرز تیار کئے جائیں گے اور سالانہ 20 ہزار انٹرنشپس دی جائیں گی۔

بقیہ 52

کی وجہ سے کنٹینرز راستوں میں پھنسے ہوئے ہیں جس کی وجہ رسد اور طلب میں نمایاں فرق ہونے کی وجہ سے مارکیٹ میں ٹماٹر کی قیمت بلند ہوئی ہیں دوسری جانب ضلع قصور اور ضلع لاہور کے زرعی علاقے سیلاب کی زد میں آنے سے درجنوں فصلیں تباہ ہو چکی ہیں، بیرون شہر سے آنیوالی فصلوں پر کیرج زیادہ پڑنے سے قیمتوں میں اضافہ ہو چکا ہے۔

بقیہ 53

دہندگان کا پاکستان کا شہری ہونا ضروری ہے (ترجیحی طور پر پنجاب ڈومیسائل)، عمر 21 سے 45 سال کے درمیان، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور ڈرائیونگ لائسنس (میعاد ختم ہونے کی تاریخ کے ساتھ) لازمی ہو۔ یہ اسکیم کم آمدنی والے افراد کیلئے ہے۔ مجرمانہ ریکارڈ رکھنے والے، عمر کی حد سے باہر، یا زیادہ آمدنی والے افراد اس منصوبے کے اہل نہیں ہوں گے۔ مطلوبہ دستاویزات کے مطابق قومی شناختی کارڈ، درست ڈرائیونگ لائسنس، پاسپورٹ سائز فوٹو، ایڈریس کی تصدیق کے لیے ڈومیسائل یا یوٹیلیٹی بل اور بینک اکاؤنٹ لازمی ہیں درخواست دہندگان جو ایک سے زیادہ گاڑیوں کے مالک ہونا چاہتے ہیں انہیں این ٹی این یا کاروباری معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

بقیہ 54

ہے تاہم کئی علاقوں میں اب بھی لوگ پھنسے ہوئے ہیں۔ انتظامیہ کے مطابق دریا کے اطراف کے نشیبی علاقوں میں الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں شروع کر دی گئی ہیں مگر مقامی افراد کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کی جانب سے امداد کی فراہمی سست روی کا شکار ہے اور پینے کے پانی، خوراک اور طبی سہولیات کی شدید قلت ہے۔ دوسری جانب، گڈو بیراج کے مختلف فیڈرز کو پانی کی فراہمی اس طرح کی جا رہی ہے۔ بیگاری فیڈر کو: 11,439 کیوسک۔ ڈیزرٹ پٹ فیڈر کو: 10,085 کیوسک۔ گھوٹکی فیڈر کو: 7,110 کیوسک محکمہ آبپاشی نے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران پانی کی سطح میں مزید اضافے کا خدشہ ظاہر کیا ہے، جس کے باعث صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے مقامی عوام، سماجی تنظیموں اور نمائندوں نے حکومتِ سندھ اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر متاثرین کو ریلیف فراہم کیا جائے اور کچے کے علاقوں کو بچانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں تاکہ ممکنہ جانی و مالی نقصان سے بچا جا سکے۔

بقیہ 55

کہا کہ متاثرین سیلاب کی مدد ہم سب کی ذمہ داری ہے اور میں نے وزیراعظم شہباز شریف سے بات کی ہے کہ وہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے متاثرہ خاندانوں کی مالی مدد کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو کسانوں کی مدد کرنی چاہیے، چاہے وہ قرضوں کی معافی کی شکل میں ہو یا پھر بیج کی مفت فراہمی سمیت دیگر صورتوں میں ہو، اور ساتھ ہی سیلاب کے دوران ان کسانوں کے بجلی کے بل بھی معاف کرنے چاہیے، تاہم یہ سب تب ہی ممکن ہو سکتا ہے جب ہم زرعی ایمرجنسی نافذ کریں۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کے پچھلے دور حکومت میں جب میں وزیر خارجہ تھا تو ہم سب نے ملکر سیلاب متاثرین کے لیے نئے گھروں کی تعمیر کا منصوبہ دیا گیا تھا، ویسے ہی وفاقی حکومت کو صوبائی حکومتوں کے ساتھ ملکر اس سیلاب میں بھی جن لوگوں کا نقصان ہوا ہے، ہمیں ان کی مدد کرنا ہوگی۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ وزیراعظم اور وزیر خارجہ سے درخواست کروں گا کہ اقوام متحدہ میں جب ہم اپیل کرنے جائیں، ویسے تو قسم کی اپیل ہوتی ہے جو اس قدرتی آفت کے دوران کے لیے ہوتی ہے اور دوسری اپیل بعد کے لیے یعنی بنیادی ڈھانچے کی تعمیر و بحالی کے حوالے سے ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں عالمی سطح پر یہ اپیل کرنی چاہیے کیوں کہ پاکستان کے بہت سے دوست ہے جو ہماری مدد کرنا چاہتے ہیں لیکن ہم اپیل کریں گے ہی نہیں تو یہ معاملہ کیسے آگے بڑھے گا، ہم دوست ممالک تک پہنچنے میں جتنی دیر کریں گے اتنا ہی نقصان ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میں سب سے اپیل کرتا ہوں یہ وقت نہیں ہے جب ہم سیاسی بیان بازی یا ایک دوسرے کے خلاف بیانات دیں، جب کہ میں پنجاب کی میڈیا کی تعریف کرتا ہوں جو اس مشکل وقت میں مثبت رپورٹنگ کر رہے ہیں، اور قدرتی آفت میں یہی طریقہ ہے۔

منشیات فروشی کے خاتمے کے لیے سید دانیال حسن کی کاوشیں قابل تحسین ہیں

سرکل کے تینوں تھانوں کی حدود میں گھناونے کاروبار سے وابستہ ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن خوش آئند عمل ہے عوامی سماجی حلقے

نشہ نوجوان نسل کو تباہی کی طرف لیکر جارہا ہے اے ایس پی ایسے عناصر کی پشت پناہی کرنے والوں کے خلاف بھی کارروائی کریں شہری

گوجرخان (قمر شہزاد) اے ایس پی سید دانیال حسن کی زیر نگرانی منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن جس میں سرکل گوجرخان کے تینوں تھانوں کے ایس ایچ اوز انسپکٹر زندزیر گھیبہ، ملک تنویر اشرف، چوہدری عصمت عورہ اور چوکی انچارجز کی جانب سے گھناونے کاروبار سے وابستہ متعدد ملزمان کی گرفتاریوں بھاری مقدار میں منشیات برآمدگی اور مقدمات کے اندراج پر عوامی سماجی حلقوں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ خوش عین عمل ہے اور ہم اے ایس پی سید دانیال حسن کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ جنہوں نے نوجوان نسل کی رگوں میں زہر اتارنے والے عناصر کی سرکوبی کے لیے مثبت کردار ادا کرتے ہوئے بلاتفریق کارروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں۔ (بقیہ نمبر 26)

علیمہ خان کی اڈیالا جیل کے باہر میڈیا ٹاک کے دوران بدمزگی

پی ٹی آئی کارکنان کی صحافیوں کے ساتھ ہاتھا پائی، گالم گلوچ ہوئی

راولپنڈی (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف کی بہن علیمہ خان کی اڈیالا جیل کے باہر میڈیا ٹاک کے دوران انڈے مارے جانے کے بعد ایک بار پھر بدمزگی کا واقعہ پیش آیا۔ پی ٹی آئی کارکنان کی صحافیوں کے ساتھ ہاتھا پائی اور گالم گلوچ ہوئی، تحریک انصاف کے کارکنان نے صحافی پر تشدد کیا۔ پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان نے صحافیوں (بقیہ نمبر 27)



پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف سے کمانڈر متحدہ عرب امارات نیول فورسز میجر جنرل سٹاف حمید محمد عبداللہ الرمیثی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان اور چین کا براہ راست پروازوں میں توسیع پر اتفاق

دونوں ممالک شہری ہوابازی میں تعاون کو مضبوط بنائیں گے، دستاویز

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) پاکستان اور چین نے دونوں ممالک کی ایئرلائنز کو نئی براہ راست پروازوں کے آغاز اور موجودہ پروازوں کی تعداد بڑھانے کی ترغیب دینے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ فیصلہ ''چین-پاکستان ایکشن پلان (2029-2025)'' (بقیہ نمبر 29)

جہلم، ایک ہی گھر کے 4 افراد کو گلا کاٹ کر قتل کر دیا گیا

مقتولین کی لاشیں پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دی گئی ہیں

جہلم (این این آئی) جہلم میں نامعلوم افراد نے ایک ہی گھر کے 4 افراد کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق جہلم کے کوٹھا پرانا گاؤں میں ایک گھر میں 4 افراد کو قتل کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مرنے والوں میں ایک خاتون بھی شامل ہیں، خاتون اور 3 مردوں کو گلا کاٹ کر قتل کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقتولین کی لاشیں پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دی گئی ہیں۔

سپر ٹیکس کیس میں تمام عدالتی فیصلوں کا مختصر خلاصہ جمع کراونے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے سپر ٹیکس سے متعلق کیس میں تمام عدالتی فیصلوں کا مختصر خلاصہ جمع کراونے کا حکم دیا ہے۔ سپریم کورٹ کے جسٹس امین الدین کی سربراہی میں پانچ رکنی آئینی بینچ نے سپر ٹیکس سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ ایف بی آر کے وکیل نے عدالت میں موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ کسی ٹیکس دینے والے (بقیہ نمبر 28)

ریلیف کی فراہمی میرٹ پر یقینی بنائی جائے گی، ڈپٹی کمشنر چکوال

چکوال (این این آئی) حکومت پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات نے عوام سے ملاقات کی اور ان کے مسائل بارے براہ راست معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تمام انتظامی افسران اپنے دفاتر میں عوامی مسائل کو اولین ترجیح کے طور پر فوری حل کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن ہر ممکن طور پر عوام کو فوری ریلیف کی فراہمی یقینی بنا رہی ہے اور مسائل کے حل میں میرٹ کو بنیاد بنایا گیا ہے۔

دھمیال پولیس کی کارروائی، مویشی چور گرفتار

راولپنڈی (فیصل ندیم سے) دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مویشی چوری کی واردات میں ملوث دو افراد کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق زیر حراست ملزمان سے چوری شدہ دو بکریاں برآمد ہوئیں۔ پولیس کے مطابق تین روز قبل دھمیال کے علاقے سے مویشی چوری کی واردات کی گئی تھی جس کا سراغ ہیومن انٹیلی جنس اور دیگر ذرائع استعمال کرتے ہوئے لگایا گیا۔

اسلام آباد: عزت مآب چیف جسٹس آف پاکستان جناب جسٹس یحییٰ آفریدی سپریم کورٹ آف پاکستان میں نئے عدالتی سال 26-2025 کے موقع پر کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

مقدمات کو جلد نمٹانا ترجیح ہونی چاہیے اندرونی آڈٹ بھی کرایا، چیف جسٹس

عہدہ سنبھالتے ہی اصلاحات کی ضرورت محسوس کی، نظام میں شفافیت اور آسانیوں سے سائلین کو انصاف ملے گا، جسٹس یحییٰ آفریدی

ہمیشہ قانون کی بالادستی کے لیے کام کیا، موقع ہوتا ہے کہ ہم سب اپنی کارکردگی پر نگاہ ڈالیں، جوڈیشل کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان یحیی آفریدی نے کہا ہے کہ عدالتی نظام میں اصلاحات لا رہے ہیں، نظام انصاف میں مصنوعی ذہانت کا استعمال ہونا چاہیے مگر ہم ابھی تیار نہیں، مقدمات کو جلد نمٹانا ترجیح ہونی چاہیے، گزشتہ سال کی نسبت زیر التوا مقدمات میں کمی آئی، عدالتی نظام میں شفافیت اور آسانیوں سے سائلین کو انصاف ملے گا، عہدہ سنبھالتے ہی اصلاحات کی ضرورت (بقیہ نمبر 30)

سی سی ڈی سے 2 مبینہ مقابلوں میں 3 ملزمان ہلاک

لاہور (این این آئی) لاہور میں سی سی ڈی سے 2 مبینہ مقابلوں میں 3 ملزمان ہلاک ہوگئے۔ پولیس کے مطابق تھانہ ہیر کی حدود میں میں مارے جانے والے ملزم کی شناخت ماجد حسین کے نام سے ہوئی، باٹا پور میں مارے جانے والوں کی شناخت عمران اور شاہنواز کے نام سے ہوئی۔ سی سی ڈی نے بتایا کہ ملزمان کو نشاندہی کے لیے لے جایا جارہا تھا (بقیہ نمبر 33)

لاہور بورڈ کو پیپر لیس کرنے کا فیصلہ، تمام امور آن لائن نظام کے تحت ہوں گے

لاہور (این این آئی) لاہور بورڈ کو پیپر لیس کرنے کا حتمی فیصلہ کرلیا گیا، اب تمام دفتری امور مینول کے بجائے آن لائن نظام کے تحت چلائے جائیں گے۔ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تعاون سے لاہور بورڈ کو پیپر لیس کیا جائے گا، صرف بچوں کو اسناد کی فراہمی کے لئے مینول طریقہ کار استعمال ہوسکے گا۔ آن لائن اسناد کے ڈیٹا کا پاسورڈ محفوظ بنانے کے لئے متعلقہ برانچ ہر ممکن کوششیں کرے گا۔

کاہنہ سے ملنے والے انسانی ڈھانچے کی شناخت کر لی گئی

مارگیٹ نامی خاتون کو اسکے دو سگے بیٹوں نے گلا دبا کر قتل کر کے لاش پھینکی

لاہور (این ای این) کاہنہ کے علاقے میں چند روز قبل ملنے والے انسانی ڈھانچے کی شناخت کر لی گئی، پولیس کی تحقیقات میں ہوش ربا انکشافات بھی سامنے آگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس سوسائٹی سے ملنے والا انسانی ڈھانچہ خاتون کا نکلا، مارگیٹ نامی خاتون کو اسکے دو سگے بیٹوں نے گلا دبا کر قتل کر کے لاش پھینکی۔ لاش سے کچھ فاصلے پر پولیس کو زمین میں دھنسا ہوا ایک شاپنگ بیگ بھی ملا جس میں سے کچھ رقم اور بجلی کے (بقیہ نمبر 31)

پنجاب اسمبلی میں سینیٹ کی نشست پر ضمنی الیکشن (آج) ہوگا

اپوزیشن کا ووٹ کاسٹ نہ کرنے کا اعلان، حکومتی امیدوار کو واضح برتری حاصل

لاہور (این ای این) پنجاب اسمبلی میں سینیٹ کی نشست پر ضمنی الیکشن آج (منگل) کو ہوگا، سینیٹ کی نشست پی ٹی آئی رہنما اعجاز چوہدری کی نااہلی سے خالی ہوئی تھی۔ سینیٹ کی نشست کے لیے حکمران جماعت مسلم لیگ (ن) اور اتحادیوں نے رانا ثناء اللہ خان کو امیدوار بنایا ہے جبکہ اپوزیشن کی جانب سے اعجاز چوہدری کی اہلیہ سلمیٰ اعجاز امیدوار ہیں۔ پنجاب اسمبلی میں ووٹنگ کا عمل صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک جاری رہے گا، ووٹنگ (بقیہ نمبر 32)

مسئلہ کشمیر امن کی راہ میں مستقل رکاوٹ بنا ہوا ہے، اعزاز چوہدری

کشیدگی، بداعتمادی اور پراکسی جنگوں نے پرامن مستقبل کے امکانات ختم کردیے

اسلام آباد (این این آئی) سابق سیکرٹری خارجہ اعزاز چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان مسئلہ کشمیر امن کی راہ میں مستقل رکاوٹ بنا ہوا ہے۔ سابق سیکرٹری خارجہ اعزاز چوہدری کی کتاب کی تقریب رونمائی اسلام آباد میں منعقد ہوئی جس میں ترجمان ایوان صدر مرتضی سولنگی، انسٹیٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز کے سربراہ (بقیہ نمبر 34)

پنجاب میں سیلاب کی تباہ کاریاں، 24 لاکھ سے زائد آبادی متاثر

دریائے چناب، راوی اور ستلج میں شدید سیلابی صورتحال کے باعث پنجاب بھر میں مجموعی طور پر 3129 مواضع متاثر ہوئے

9 لاکھ 32 ہزار 323 افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا، متاثرین کی رہائش اور خوراک کے لیے صوبے بھر میں 390 ریلیف کیمپس قائم

لاہور (این این آئی) پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے صوبے میں سیلاب کے باعث ہونے والے نقصانات اور امدادی سرگرمیوں کی تفصیلی رپورٹ جاری کردی۔ رپورٹ کے مطابق دریائے چناب، راوی اور ستلج میں شدید سیلابی صورتحال کے باعث پنجاب بھر میں مجموعی طور پر 3129 مواضع متاثر ہوئے جبکہ 24 لاکھ 8 ہزار سے زائد افراد براہ راست متاثر ہوئے ہیں۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق اب تک 9 لاکھ 32 ہزار 323 افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے، متاثرین (بقیہ نمبر 35)

غزہ: خان یونس کے علاقے ٹینا میں اسرائیلی فوجیوں اور ڈرونز کی فائرنگ سے زخمی فلسطینی امریکی امداد کے منتظر ہیں۔ زخمیوں کو غزہ کی پٹی کے جنوبی شہر خان یونس کے ناصر ہسپتال لے جایا گیا ہے۔

چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد سے اماراتی بحریہ کے کمانڈر کی ملاقات

راولپنڈی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کی بحریہ کے کمانڈر میجر جنرل حمید محمد عبداللہ الرمیثی نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا سے جوائنٹ اسٹاف ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں پیشہ ورانہ امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بدلتے ہوئے عالمی وعلاقائی جیو اسٹریٹجک حالات کا جائزہ بھی لیا گیا۔ (بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد: راجہ ظفر الحق مسلم انسٹی ٹیوٹ کے زیر اہتمام سیرت النبی کانفرنس کے دوران اظہار خیال کر رہے ہیں

کندھ کوٹ: کچے کے مزید 30 سے زائد گاؤں سیلاب کی لپیٹ میں

سینکڑوں خاندان بے یارومددگار، انتظامیہ کی بے حسی سے عوام سراپا احتجاج

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ اور گردونواح کے کچے کے علاقے بدترین سیلابی صورتحال کا شکار ہیں۔ پنجاب سے آنے والا تباہ کن سیلابی ریلا سندھ میں داخل ہوتے ہی تیزی کے ساتھ پھیل گیا جس کے نتیجے میں مزید 30 سے زائد گاؤں زیر آب آ گئے۔ درجنوں بستیوں کے مکانات مکمل طور پر منہدم ہوگئے جبکہ سیکڑوں خاندان بے گھر ہو (بقیہ نمبر 37)

گرجا روڈ کھنڈرات کا منظر پیش کرنے لگی

سوئی گیس حکام کی غفلت سے سڑک بدترین ٹوٹ پھوٹ کا شکار

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گرجا روڈ سوئی گیس حکام کی مجرمانہ غفلت اور ناقص منصوبہ بندی کے باعث کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہے۔ جگہ جگہ گہرے گڑھے بننے سے نہ صرف ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہے بلکہ معمولی بات پر توں تکرار اور لڑائی جھگڑے روز کا معمول بن گئے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ یہ ایک اہم مرکزی سڑک ہے جس پر سکول، کالج کے طلبہ، دفاتر کے ملازمین اور مریض روزانہ سفر کرتے ہیں لیکن ضلعی انتظامیہ، مقامی (بقیہ نمبر 38)

دریائے راوی میں سیلابی صورت حال کے دوران ریسکیو سرگرمیوں کیلئے استعمال ہونیوالی بوٹ کیچڑ میں پھنسی ہوئی ہے

سپریم کورٹ کے 4 ججز شریک نہیں ہوئے

چیف جسٹس پاکستان کی زیر صدارت فل کورٹ اجلاس کی اندرونی کہانی

فل کورٹ اجلاس میں 4 ججز کی طرف سے لکھے گئے خط پر کوئی بات نہیں ہوئی

فل کورٹ اجلاس میں ججز سے مزید تجاویز مانگی گئی ہیں، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان کی زیر صدارت فل کورٹ اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی، فل کورٹ اجلاس میں سپریم کورٹ کے 4 ججز شریک نہیں ہوئے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ فل کورٹ اجلاس میں 4 ججز کی طرف سے لکھے گئے خط پر کوئی بات نہیں ہوئی۔ اجلاس میں اکثریتی فیصلہ کیا گیا کہ عدالتی فیسیں سپریم کورٹ رولز 1980 کے تحت ہی لی جائیں گی، رولز میں عدالتی فیسوں میں اضافے پر سپریم کورٹ بار، پاکستان بار کونسل نے تحفظات کا اظہار کیا تھا۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 39)

کووڈ ڈیلی ویجز ملازمین کی برطرفی کے خلاف احتجاج

پیرامیڈیکل سٹاف کی شرکت، تمام ڈیلی ویجز ملازمین کو فوری بحال کیا جائے

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: کووڈ ڈیلی ویجز ملازمین کی برطرفی اور محکمہ صحت کی ناانصافیوں کے خلاف احتجاجی مظاہرہ پیرامیڈیکل اسٹاف کی بھی بھرپور شرکت کندھ کوٹ کووڈ ایمرجنسی کے دوران اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر خدمات انجام دینے والے ڈیلی ویجز ملازمین کی برطرفی اور سیکریٹری ہیلتھ ریحان اقبال وسیکشن آفیسر اسد کتری کی مبینہ ناانصافیوں اور غلط پالیسیوں کے خلاف کندھ کوٹ میں ایک بھرپور احتجاجی (بقیہ نمبر 40)

حضرو میں کاروباری مندی کے باعث دکاندار پریشان بیٹھے ہیں

تحصیل حضرو کامرہ کینٹ کی تاجر برادری شدید پریشانی کا شکار

مسلسل نقصان کے باعث کرایہ و بجلی کے بل ادا کرنے سے قاصر

حضرو (ملک یاسر سے) تحصیل حضرو کے علاقہ کامرہ کینٹ کمرشل ایریا جہاں کروڑوں روپے لگا کر سپنا بوتیک خسارے کا شکار کاروبار میں مسلسل نقصان خریدار ناں ہونے کے باعث کرایہ و بجلی بل کو ادا کرنے سے قاصر مہنگائی کے ہاتھوں پریشان اتنے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کرنے والے تاجر برادری کی نظریں وقت حاکم پر جمی مہنگائی پر کنٹرول کیا جائے اور اشیا خورونوش کی قیمتوں میں کمی کی جائے تا کہ عام لوگوں کو بھی زندگی گزار نے اور (بقیہ نمبر 41)

مظفر آباد: معروف محقق، مصنف اور تجزیہ کار عابد شیر عالی کمانڈر آئی ایس پی آر آزاد جموں و کشمیر گلگت بلتستان بریگیڈیئر محمد طارق سہیل سے شیلڈ وصول کر رہے ہیں

راولپنڈی کینٹ بورڈ کا تجاوزات کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

نو تعینات سی ای او کی خصوصی ہدایت پر چار ٹرک سامان ضبط

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹ بورڈ کی جانب سے نو تعینات سی ای او کی ہدایت پر مختلف علاقوں میں تجاوزات کے خلاف بھرپور آپریشن کیا گیا۔ آپریشن کے دوران 22 نمبر چونگی، گنج بازار، ڈھوک سیداں، پیپلز کالونی، مصریال روڈ، رنج روڈ، آلہ آباد، پشاور روڈ، نصیر آباد، ویسٹریج اور حافظ آباد سمیت دیگر علاقوں میں غیر قانونی تجاوزات ہٹائی گئیں۔ کارروائی کے دوران فٹ پاتھوں اور سڑکوں پر رکھی گئی دکانوں کا سامان، ٹھیلے اور غیر قانونی تعمیرات ہٹا دی گئیں جبکہ مجموعی طور پر چار ٹرک سامان قبضے میں لے (بقیہ نمبر 42)

کندھ کوٹ سمیت سندھ میں آٹے کا بحران شدت اختیار کر گیا

غریب عوام دو وقت کی روٹی کیلئے پریشان انتظامیہ کی خاموشی سوال بن گئی

کندھ کوٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ سندھ میں آٹے کا بحران دوبارہ شدت اختیار کر گیا ہے جس کے باعث غریب عوام کے لئے دو وقت کی روٹی بھی بڑی پریشانی بن گئی ہے کندھ کوٹ لاڑکانہ سکھر جیکب آباد اور دیگر کئی شہروں میں آٹے کی قیمتیں تیزی سے بڑھ گئی ہیں اور مارکیٹوں میں ایک سو سے ایک سو بیس روپے کلو تک پہنچ گئی ہیں جبکہ عام ڈپو مالکان اور تاجر کھلے عام بلیک مارکیٹنگ میں مصروف ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت اور انتظامیہ (بقیہ نمبر 43)

جشن ولادت خاتم النبیین ﷺ کے سلسلے میں احمد نواز کھوکھر کی رہائش گاہ پر تقریب

سیاسی سماجی کاروباری مذہبی ادبی پولیس افسران وکلاء صحافی برادری سمیت بزنس مین پراپرٹی ٹائیکون دیگر مکاتب فکر کے افراد کی شرکت

تقریب نے اجتماع کی شکل اختیار کرلی منتظمین تقریب کے روح رواں سابق صدر پوٹھوہار پریس کلب نے تمام حاضرین محفل کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا

گوجرخان (قمر شہزاد) ہر سال کی طرح اس سال بھی 12 ربیع الاول جشن ولادت خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے موقع پر سابق صدر پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان احمد نواز کھوکھر نے اپنی رہائش گاہ پر پرتکلف ناشتے کا اہتمام کیا۔ جس میں سیاسی سماجی کاروباری، پولیس، ایف آئی اے افسران، مذہبی۔ ادبی، سرکاری و پرائیویٹ کالجز اور سکولز کے پرنسپلز، اساتذہ اکرام سمیت شہر کی نمایاں شخصیات، بزنس مین، پراپرٹی ٹائیکون، تحصیل کے پریس کلبز کے عہدداران سمیت پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے عہدداران و (بقیہ نمبر 44)

سابق صدر پوٹھوہار پریس کلب احمد نواز کھوکھر کی رہائش گاہ پر منعقدہ تقریب کی تصویری جھلکیاں

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا پاک نیوی ڈے پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پاک نیوی ڈے پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان نیوی کے شہداء، غیور آفیسرز اور ہر سیلر کو سلام پیش کرتے ہیں۔ پاکستان نیوی کے ہر آفیسر اور ہر جوان پر قوم کو فخر ہے۔ نیوی کے شہداء نے اپنے پاک لہو سے جرات وقربانی کی داستان لکھی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سمندر کی بپھری لہریں گواہ ہیں کہ پاکستان نیوی کا عزم واستقلال بے مثال ہے۔ پاک نیوی کا کردار صرف دفاع (بقیہ نمبر 45)

اپنی زندگیاں اسوۂ حسنہ کے مطابق گزاریں، پیر سید محسن علی

کشمور السعید جماعت یونٹ دیرا موڑ کشمور کی جانب سے جشن عید میلاد النبی ﷺ کا پروگرام

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کشمور السعید جماعت یونٹ دیرا موڑ کشمور کی جانب سے جشن عید میلاد النبی ﷺ کا سالانہ پروگرام نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد کیا گیا۔ پروگرام کی صدارت حضرت قبلہ پیر سید محسن علی شاہ بخاری نے کی، جبکہ مہمانِ خصوصی خطاب حضرت قبلہ پیر سید محمد سعید شاہ قاظمی نے فرمایا تقریب میں علاقے کے علائے (بقیہ نمبر 46)

پاک بحریہ کی نیوی ڈے کی مناسبت سے خصوصی وڈیو جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ نے نیوی ڈے کی مناسبت سے خصوصی وڈیو جاری کردی۔ تفصیلات کے مطابق خصوصی وڈیو پاک بحریہ کی معرکہ حق میں بحری محاذ پر موجودگی کی مظہر ہے۔ پاک بحریہ نے ہر جہت سے دشمن پر زیرک نگرانی جاری رکھی۔ دشمن پاک بحریہ کی مستحکم حکمتِ عملی کے باعث زیر رہا۔ وڈیو آہنی عزم اور حوصلوں کی عکاس ہے۔ پاکستان نیوی نے 1965 اور 1971 کی جرات مندانہ میراث کو برقرار رکھا۔ خصوصی وڈیو (بقیہ نمبر 47)

کشمور پولیس کی کارروائی 03 بین الصوبائی منشیات اسمگلرز گرفتار

لاکھوں روپے مالیت کی 24 کلوگرام چرس برآمد، ایس ایس پی کشمور محمد مراد گھانگھرو

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ڈسٹرکٹ کشمور پولیس کی بڑی کارروائی تین 03 بین الصوبائی منشیات اسمگلرز گرفتار لاکھوں روپے مالیت کی 24 کلوگرام چرس برآمد ایس ایس پی SSP کشمور محمد مراد گھانگھرو کی خصوصی ہدایات پر اے ایس پی ASP کشمور محمد عاشر کی سربراہی میں انچارج مددگار کشمور صدام حسین کھوسو اور ان کی ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بین الصوبائی تین 03 منشیات اسمگلرز کو گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 48)

پارلیمان کے دروازے تمام جامعات کے محققین اور طلبا کیلئے کھلے ہیں

تعلیمی اداروں اور پارلیمان کے درمیان قریبی روابط دونوں اداروں کے لئے مفید ہوں گے، سپیکر قومی اسمبلی

ہائیر ایجوکیشن کمیشن اور جامعات کے مابین مسائل کے حل کیلئے قانون سازی عمل میں لائی جائے گی، سردار ایاز صادق

لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم خان سے فلپائن کے سفیر ڈاکٹر ایمانئل آر فرنینڈ ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ پارلیمان کے دروازے تمام جامعات کے محققین اور طلبا کیلئے کھلے ہیں، تعلیمی اداروں اور پارلیمان کے درمیان قریبی روابط دونوں اداروں کے لئے مفید ہوں گے، ہائیر ایجوکیشن کمیشن اور جامعات کے مابین مسائل کے حل کیلئے قانون سازی عمل میں لائی جائے گی۔ پیر کو یہاں ''پارلیمان پر تدریس، تحقیق اور تحریر سے متعلق قومی کانفرنس'' کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 49)

وزیر اعلیٰ کی نگرانی میں گجرات شہر کا بڑا حصہ سیلابی پانی سے کلیئر کر دیا

سیلابی پانی کے مکمل انخلاء تک سرکاری افسران اور عملہ کو فیلڈ میں رہنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی براہ راست نگرانی میں گجرات کے بیشتر علاقوں سے سیلابی پانی کی نکاسی مکمل کر کے شہر کا بڑا حصہ سیلابی پانی سے کلیئر کر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے گجرات سے سیلابی پانی کے مکمل انخلاء تک سرکاری (بقیہ نمبر 50)

ملک بھر کے تعلیمی اداروں اور سرکاری ملازمین کو مصنوعی ذہانت کی تربیت فراہم کی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) قومی آرٹیفیشل انٹیلی جنس پالیسی کے تحت 2027 تک ملک کے تعلیمی اداروں اور تمام سرکاری ملازمین کو مصنوعی ذہانت کی تربیت فراہم کی جائے گی۔ وزارت آئی ٹی کے ذرائع کے مطابق قومی اے آئی پالیسی پر عملدرآمد کے لئے اے آئی تزویراتی کونسل اور پالیسی پر عملدرآمد کے شعبے کی تشکیل عمل میں لائی جارہی ہے، اہم شہروں (بقیہ نمبر 51)

پنجاب حکومت کے گرین ای ٹیکسی پلان کی تفصیلات جاری کر دی گئیں

منصوبے کے تحت ٹیکسی حاصل کرنے کے لیے اہلیت کے معیار بھی واضح کر دیئے گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کے گرین ای ٹیکسی پلان کی تفصیلات جاری کر دی گئیں، منصوبے کے تحت ٹیکسی حاصل کرنے کے لیے اہلیت کے معیار بھی واضح کر دیئے گئے۔ پنجاب حکومت نے نوجوانوں کے لیے گرین ای ٹیکسی سکیم 2025 کا آغاز کر دیا ہے۔ اس منصوبے کے ذریعے نوجوانوں کو آسان اقساط پر الیکٹرک اور ہائبرڈ ٹیکسیاں فراہم کی جائیں گی۔ یہ پروگرام نہ صرف نوجوانوں کو روزگار کے پائیدار مواقع فراہم کرے گا بلکہ صوبے بھر میں ماحول دوست ٹرانسپورٹ کو بھی فروغ دے گا۔ اہلیت کے مطابق درخواست (بقیہ نمبر 53)

سیلابی صورتحال، ٹماٹر کی قیمت تین سنچریاں عبور کرگئی

رائے ونڈ (این این آئی) سیلابی صورتحال کے باعث ٹماٹر کی قیمت تین سنچریاں عبور کرگئی، بھنڈی، مٹر، شملہ مرچ سمیت دیگر سبزیاں بھی مہنگے داموں فروخت ہونے لگیں۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر کی طرح رائے ونڈ سبزی منڈی میں ٹماٹر کی قیمتیں بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہیں، 60 روپے فی کلو میں فروخت ہونیوالا ٹماٹر اس وقت 325 روپے تک فروخت ہو رہا ہے آڑھتی حضرات کا کہنا ہے کہ کابل افغانستان سے آنیوالا ٹماٹر سیلابی صورت حال (بقیہ نمبر 52)

لاہور: چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان صوبے میں سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

متاثرین سیلاب کی مدد ہم سب کی ذمہ داری ہے، بلاول بھٹو

کسانوں کے بجلی کے بل معاف کیے جائیں، کسانوں کو بیج اور کھاد کی فراہم یقینی بنائی جائے

وزیراعظم بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے متاثرہ خاندانوں کی مالی مدد کریں،، چیئرمین پیپلز پارٹی کی گفتگو

مظفر گڑھ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سیلاب متاثرین کی مدد کے لیے لاقوام متحدہ سے رجوع کرنے اور ملک میں زرعی ایمرجنسی لگا کر متاثرہ کسانوں کے بجلی کے بل معاف کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ متاثرین سیلاب کی مدد ہم سب کی ذمہ داری ہے، وزیراعظم بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے متاثرہ خاندانوں کی مالی مدد کریں۔ پیر کو یہاں سیلاب متاثرہ علاقوں کا دورے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے (بقیہ نمبر 55)

کشمور: سندھو دریا میں سیلابی صورتحال برقرار

گڈو بیراج پر درمیانے درجے کا سیلاب، کچے کے علاقے زیر آب

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کشمور: سندھو دریا میں سیلابی صورتحال، گڈو بیراج پر درمیانے درجے کا سیلاب، کچے کے علاقے زیرِ آب کشمور گڈو سندھو دریا میں ایک بار پھر سیلابی کیفیت شدت اختیار کرگئی ہے۔ کنٹرول روم گڈو بیراج کے مطابق دریا میں پانی کی آمد 4 لاکھ 1 ہزار 626 کیوسک اور اخراج 3 لاکھ 80 ہزار 896 کیوسک ریکارڈ کی گئی ہے، جس کے باعث درمیانے درجے کا سیلاب جاری ہے۔ سیلابی ریلوں کی وجہ سے کچے کے علاقے مکمل طور پر زیرِ آب آ چکے ہیں۔ متعدد دیہات، زرعی زمینیں اور مویشیوں کے باڑے پانی میں ڈوب چکے ہیں۔ رہائشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کا عمل جاری (بقیہ نمبر 54)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035